www.avadhnama.com
Postal Registration No. GPOLW/MP-50/2012-14 • RNI No. UPURD/2001/6110

# اودھ نامہ
روزنامہ LUCKNOW
avadhnama

### نئی دہلی اسمبلی حلقے میں ایس آئی آر کی مسودہ ووٹر فہرست پر انتخابی افسر نے وضاحت پیش کی

نئی دہلی، 17 ستمبر (یو این آئی) دہلی کے اسمبلی حلقہ-40 (نئی دہلی) کی خصوصی گہری نظرثانی (ایس آئی آر) کی مسودہ ووٹر فہرست کو لے کر اٹھے تنازع پر انتخابی رجسٹریشن افسر (ای آر او) کے دفتر نے وضاحت جاری کی ہے۔ نئی دہلی اسمبلی کے ای آر او دفتر نے جمعرات کو میڈیا کی اس رپورٹ پر ردعمل ظاہر کیا، جس میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ 2025 کے اسمبلی انتخابات سے پہلے شامل کیے گئے تقریباً 40 فیصد نام اب ایس آئی آر کے مسودے میں موجود نہیں ہیں۔ ای آر او دفتر نے کہا کہ ایس آئی آر کا عمل الیکشن کمیشن کی ہدایات کے تحت کرایا جا رہا ہے۔ اس کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ کوئی اہل شہری ووٹر فہرست سے باہر نہ رہے اور کوئی نااہل شخص فہرست میں شامل نہ ہو۔ بوتھ لیول افسران (بی ایل او) نے گھر گھر جا کر گنتی کے فارم تقسیم کیے اور تصدیق کی۔

### مودی روزگار میلے میں ہفتے کو 51 ہزار تقرر نامے کریں گے تقسیم

نئی دہلی، 18 ستمبر (یو این آئی) وزیراعظم نریندر مودی ہفتے کو ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے 20 ویں روزگار میلے میں مختلف سرکاری اداروں میں نئے منتخب ہونے والے افراد میں 51,000 سے زیادہ تقرری نامے تقسیم کریں گے۔ اس موقع پر وہ ان سے خطاب بھی کریں گے۔ وزیراعظم کے دفتر نے جمعہ کو بتایا کہ یہ روزگار میلہ ملک بھر میں 45 مقامات پر منعقد کیا جائے گا۔ نئے منتخب ہونے والے ملازمین مرکزی حکومت کی مختلف وزارتوں اور شعبوں میں ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ ان میں محکمہ محصولات، وزارت ریلوے، وزارت داخلہ، وزارت صحت و خاندانی بہبود، محکمہ مالیاتی خدمات اور وزارت دفاع سمیت دیگر شعبے شامل ہیں۔ روزگار میلہ نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور ملک کی ترقی کے سفر میں ان کی زیادہ سے زیادہ شرکت یقینی بنانے کے سلسلے میں حکومت کی مسلسل کوششوں کی عکاسی کرتا ہے۔

قیمت ۳/روپیہ جلد نمبر(۲۵) شمارہ نمبر(۳۴۶) لکھنؤ، بروز ہفتہ ۱۹-ستمبر ۲۰۲۶ء، مطابق ۶/ربیع الآخر-۱۴۴۸ھ صفحات-۸
Rs.3/- Vol- 25 , Issue, 346 Saturday , September 19 2026 Pages -8

# ٹی ایم سی انتخابی نشان کیلئے ممتا سپریم کورٹ سے رجوع

## ممتا بنرجی کا سوال، الیکشن کمیشن میری پارٹی کے نشان کو کیسے منجمد کرسکتا ہے؟، دونوں گروپ کو کمیشن نے نیا نام اور انتخابی نشان فراہم کیا، ایک کو ملا 'فٹبال کھلاڑی' اور دوسرے کو 'لفافہ'




کولکاتہ/نئی دہلی: (ایجنسی) ترنمول کانگریس (ٹی ایم سی) کے انتخابی نشان کے معاملے پر ممتا بنرجی نے جمعہ کو سپریم کورٹ سے رجوع کیا۔ اس سے ایک روز قبل الیکشن کمیشن نے 'آل انڈیا ترنمول کانگریس' نام اور 'پھول گھاس' والے اصل انتخابی نشان کے استعمال پر پابندی عائد کردی تھی۔ مغربی بنگال کی دو اسمبلی نشستوں نندی گرام اور ریجی نگر میں 6 اکتوبر کو ضمنی انتخابات ہونے ہیں۔ ٹی ایم سی کے دونوں دھڑوں نے اصل پارٹی نام اور انتخابی نشان کے ساتھ الیکشن لڑنے کا مطالبہ کیا تھا۔

الیکشن کمیشن آف انڈیا نے مغربی بنگال کے رضی نگر و نندی گرام اسمبلی حلقوں میں 6 اکتوبر کو ہونے والے ضمنی انتخاب کے پیش نظر ممتا بنرجی اور باغی گروپ کو نیا نام دے دیا ہے۔ الیکشن کمیشن نے اعلان کیا ہے کہ ممتا بنرجی کی پارٹی کا نام 'ممتا آل انڈیا ترنمول کانگریس' رہے گا، جبکہ باغی رتبرت کے گروپ کو 'ڈیموکریٹک ترنمول کانگریس' کے نام سے پہچانا جائے گا۔ دونوں ہی پارٹیوں کو الگ الگ انتخابی نشان بھی مل گیا ہے۔ انتخابی نشان کی شکل میں ممتا کی پارٹی کو جہاں 'فٹبال پلیئر' ملا ہے، وہیں رتبرت کی پارٹی کو 'لفافہ' حاصل ہوا ہے۔ اب دونوں دھڑے ضمنی انتخابات میں نئے پارٹی نام اور انتخابی نشان کے ساتھ میدان میں اتریں گے۔ دونوں نشستوں کے نتائج 9 اکتوبر کو جاری کیے جائیں گے۔

اس سے قبل جمعہ کو الیکشن کمیشن کے فیصلے پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے ممتا بنرجی نے کہا کہ الیکشن کمیشن میری پارٹی کا وہ انتخابی نشان کیسے منجمد کرسکتا ہے جو 28 سال سے ہمارے پاس ہے؟ ہم نہ سر جھکائیں گے اور نہ ہی ہار مانیں گے۔ ہم لڑیں گے اور واپسی کریں گے۔ ممتا نے ٹی ایم سی کے باغی دھڑے پر بھی حملہ کرتے ہوئے کہا کہ ٹی ایم سی کے باغی بی جے پی کی 'اے ٹیم' ہیں۔ جو لوگ ہمارے انتخابی نشان پر منتخب ہوئے تھے، وہی اب اس نشان کو چیلنج کر رہے ہیں۔

مغربی بنگال کی نندی گرام اور ریجی نگر اسمبلی نشستوں پر 6 اکتوبر کو ضمنی انتخابات ہوں گے۔ ریتبرت بنرجی کی قیادت والے باغی ٹی ایم سی دھڑے کی جانب سے محمد احتشام الحق نندی گرام اور صفی الدین شیخ ریجی نگر سے انتخاب لڑیں گے۔ دوسری جانب سابق وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی کی ٹی ایم سی نے اتوار کو نندی گرام سے سنچیتا پردھان (ڈے) اور ریجی نگر سے ربیع العالم چودھری کو امیدوار بنانے کا اعلان کیا تھا۔ تاہم سنچیتا نے جمعہ کو اپنا نام واپس لے لیا۔

قابل ذکر ہے کہ مغربی بنگال اسمبلی انتخاب میں شکست کے بعد ترنمول کانگریس میں پھوٹ پڑ گئی تھی۔ اس کے بعد دونوں گروپوں نے پارٹی پر اپنا حق ظاہر کیا تھا۔ یہ معاملہ الیکشن کمیشن میں پہنچ گیا تھا، جس کے بعد ادارہ نے ترنمول کانگریس کے نام اور انتخابی نشان '2 پھول اور گھاس' کو فریز کر دیا تھا۔ اب الیکشن کمیشن نے دونوں ہی گروپوں کو نیا نام اور انتخابی نشان فراہم کر دیا ہے، جس سے انھیں ضمنی انتخاب میں امیدوار کھڑے کرنے میں آسانی ہوگی۔ حالانکہ الیکشن کمیشن نے اپنے فیصلہ میں یہ بھی ظاہر کر دیا ہے کہ یہ حکم عبوری ہے۔ الیکشن کمیشن نے گزشتہ روز دونوں ہی ترنمول گروپوں سے نئے نام اور انتخابی نشان کے لیے مشورہ طلب کیا تھا۔

اس کے بعد ممتا اور رتبرت دونوں نے ہی پارٹی کے لیے 3-3 نام اور 3-3 انتخابی نشان کا متبادل جمع کیا تھا۔ دونوں گروپوں کے مشوروں کو سامنے رکھتے ہوئے ہی الیکشن کمیشن نے انھیں پارٹی کا نام اور انتخابی نشان الاٹ کیا ہے۔ نیا نام ملنے کے بعد رتبرت بنرجی کا ردعمل بھی سامنے آ گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ "ہم مجموعی طور پر فیصلہ لیتے ہیں اور ہم نے 3 نام دیے تھے۔ ہمیں 'ڈیموکریٹک ترنمول کانگریس' نام ملا ہے اور انتخابی نشان 'لفافہ' دیا گیا ہے۔"

### انکم ٹیکس قانون کی دفعہ 147 اے پر سپریم کورٹ کی عبوری روک، اسیسمنٹ کارروائی بھی معطل

نئی دہلی: سپریم کورٹ نے انکم ٹیکس ایکٹ کی دفعہ 147 اے سے متعلق ایک اہم معاملے میں پنجاب اور ہریانہ ہائی کورٹ کے فیصلے پر عبوری روک لگا دی ہے۔ ہائی کورٹ نے 10 ستمبر کو دفعہ 147 اے کو غیر آئینی قرار دیتے ہوئے اس کے تحت جاری ری اسیسمنٹ سے متعلق نوٹس بھی منسوخ کر دیے تھے۔ سپریم کورٹ نے جمعہ کو مرکز اور محکمہ انکم ٹیکس کے دیگر افسران کی جانب سے دائر خصوصی اجازت کی درخواست پر سماعت کرتے ہوئے یہ عبوری حکم دیا۔ عدالت نے واضح کیا کہ معاملے کا حتمی فیصلہ ہونے تک متعلقہ اسیسمنٹ کی کارروائی آگے نہیں بڑھائی جائے گی۔ معاملے کی اگلی سماعت 3 دسمبر 2026 کو ہوگی۔ یہ تنازعہ انکم ٹیکس قانون میں 2026 میں شامل کی گئی دفعہ 147 اے سے متعلق ہے۔ اس دفعہ کو یکم اپریل 2021 سے سابقہ اثر کے ساتھ نافذ کیا گیا تھا۔

# روس، ایران پابندیوں کے قانون پر ہندوستان کا بڑا اعلان

## تجارت اور اقتصادی مفادات کے تحفظ کے لیے تمام اقدامات ہوں گے: ترجمان وزارت خارجہ



نئی دہلی، 18 ستمبر (یو این آئی) ہندوستان نے کہا ہے کہ وہ امریکہ کے روس-ایران پابندیوں سے متعلق قانون کے پیشِ نظر اپنی تجارت اور اقتصادی مفادات کے تحفظ کے لیے تمام ضروری اقدامات کرے گا۔ وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے جمعہ کو امریکی کانگریس میں منظور کیے گئے اس قانون کے بارے میں پوچھے گئے سوال کے جواب میں کہا کہ حکومت اس قانون کے اثرات سے نمٹنے کے لیے ملک کی تجارتی اور صنعتی تنظیموں کے ساتھ مل کر کام کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں جاری بیان میں ہندوستان کا موقف پہلے ہی واضح کیا جا چکا ہے اور اس بات کا اعادہ کیا جاتا ہے کہ ہندوستان اپنی تجارت اور اقتصادی مفادات کی حفاظت کے لیے تمام ضروری قدم اٹھانے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس کے اثرات کو کم کرنے کے لیے حکومت مقامی تجارتی اور صنعتی تنظیموں کے ساتھ مل کر کام کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ کہنے کی ضرورت نہیں ہے کہ ہندوستان امریکہ کے ساتھ متوازن اور باہمی تجارتی تعلقات کا خواہاں رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان امریکی انتظامیہ کو پہلے ہی آگاہ کر چکا ہے کہ اس قانون کا ہندوستان کی توانائی کی سکیورٹی، بین الاقوامی توانائی مارکیٹوں اور دونوں ملکوں کے تعلقات پر کیا اثر پڑ سکتا ہے۔ قابلِ ذکر ہے کہ امریکی پارلیمنٹ کی جانب سے منظور شدہ لنڈسے اوگراہم سینکشننگ روس اینڈ ایران ایکٹ آف 2026 روس اور ایران پر سخت اقتصادی پابندیاں عائد کرنے والا ایک نیا بل ہے۔ اس قانون کے تحت امریکی صدر کو روس سے خام تیل یا قدرتی گیس خریدنے والے سرفہرست پانچ ملکوں نیز پابندیوں سے بچنے میں مدد کرنے والوں پر 100 فیصد تک درآمدی ڈیوٹی عائد کرنے کا اختیار حاصل ہے۔

# نیٹ پیپر لیک معاملہ پر سپریم کورٹ کا سخت رخ

## این ٹی اے کے دفتر کا دورہ، امتحانی نظام کا جائزہ ممکن

نیٹ پیپر لیک معاملہ پر سماعت کے دوران آج سپریم کورٹ نے نظامِ امتحان اور 'نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی' (این ٹی اے) کی تیاریوں کو لے کر اہم تبصرہ کیا۔ جسٹس پی ایس نرسمہا اور جسٹس آلوک آرادھے کی بنچ نے اپنا سخت رخ ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ وہ این ٹی اے کے دفتر کا دورہ کرسکتی ہے۔ اس دوران یہ دیکھا جائے گا کہ امتحان کے انعقاد کے لیے تیار کیا گیا نظام زمینی سطح پر کس طرح کام کر رہا ہے اور امتحان سے متعلق انتظامات کافی ہیں یا نہیں۔ سپریم کورٹ کی بنچ نے کہا کہ این ٹی اے کے دفتر کا دورہ کر نظامِ امتحان سے متعلق انتظامات کا جائزہ لیا جا سکتا ہے۔ اس دوران امتحان کے انعقاد کے لیے بنائے گئے نظام کی حقیقی صورت حال دیکھی جائے گی۔ ساتھ ہی یہ بھی جانچ کی جائے گی کہ امتحان کرانے کے لیے این ٹی اے کے پاس کافی عملہ اور دیگر ضروری انتظامات موجود ہیں یا نہیں۔ عدالت نے سماعت کے دوران یہ بھی واضح کیا کہ ہائی پاورڈ کمیٹی کی سفارشات صرف رپورٹ تک محدود نہیں رہنی چاہئیں۔ ان سفارشات کو حقیقی طور پر نافذ کیا جانا چاہیے، تاکہ نظامِ امتحان میں ضروری اصلاحات زمینی سطح پر نظر آئیں۔ سپریم کورٹ نے این ٹی اے کو اپنے کام کاج اور نظامِ امتحان میں کی جانے والی اصلاحات کی پیش رفت سے متعلق معلومات اپنی ویب سائٹ پر دستیاب کرانے کی ہدایت بھی دی ہے۔

# ترنمول کانگریس کے نام، نشان پر الیکشن کمیشن کے فیصلے کی تنقید

## راہل گاندھی نے بی جے پی اور کمیشن پر سنگین الزامات عائد کیے



نئی دہلی: کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے جمعہ کو الیکشن کمیشن کے اس فیصلے پر تنقید کی جس میں ترنمول کانگریس کے حریف دھڑوں کو مغربی بنگال کے ضمنی انتخابات کے دوران پارٹی کا نام اور "پھول اور گھاس" کا انتخابی نشان استعمال نہ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جہاں الیکشن کمیشن کی آئینی ذمہ داری عوامی فیصلے کا تحفظ کرنا ہے، وہیں اس کے برعکس وہ انہی قوتوں کی مدد کر رہا ہے جو عوام کے فیصلے کو پلٹ دیتی ہیں۔ ایکس (سابقہ ٹویٹر) پر ایک پوسٹ میں راہل گاندھی نے ہندی میں لکھا، "پہلے شیو سینا، پھر این سی پی، اور اب ترنمول کانگریس۔ ہر بار یہی طریقہ کار اپنایا جاتا ہے، بی جے پی اور الیکشن کمیشن مل کر پارٹی کو تقسیم کرتے ہیں۔ پھر، اس کا انتخابی نشان چھین لیا جاتا ہے۔" لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر نے تبصرہ کیا کہ اگر پوری کی پوری پارٹی چوری کی جا سکتی ہے، تو اس میں کوئی حیرت کی بات نہیں کہ کروڑوں ہندوستانیوں کے ووٹ بھی چوری کیے جا سکتے ہیں۔ گاندھی نے کہا، "ووٹ چوری، حکومت چوری، اب پارٹی چوری، یہ سب ہمارے جمہوری زوال کی علامت بن چکے ہیں۔" انہوں نے مزید کہا، "الیکشن کمیشن کی آئینی ذمہ داری عوامی مینڈیٹ کا تحفظ کرنا ہے، لیکن اس کے بجائے، وہ انہی قوتوں کی مدد کر رہا ہے جو عوام کے فیصلے کو پلٹ دیتی ہیں۔" گاندھی نے کہا، یہ لڑائی صرف ممتا بنرجی کی نہیں ہے۔ یہ ہر اس سیاسی جماعت اور ہر اس ووٹر کی جنگ ہے جو منصفانہ انتخابات کی خواہش رکھتا ہے۔ "جمعرات کو کانگریس نے الیکشن کمیشن کے اس فیصلے کی مذمت کی جس میں آل انڈیا ترنمول کانگریس (اے آئی ٹی سی) کے حریف دھڑوں کو مغربی بنگال کے ضمنی انتخابات کے دوران پارٹی کا نام اور "پھول اور گھاس" کا نشان استعمال نہ کرنے کی ہدایت کی گئی تھی۔ پارٹی نے الزام لگایا کہ یہ الیکشن کمیشن کی جانب سے اپنی آئینی ذمہ داری سے دستبردار ہونے کے مترادف ہے۔ کانگریس نے مزید دعویٰ کیا کہ اے آئی ٹی سی کے نام اور نشان کو منجمد کرنا چیف الیکشن کمشنر (سی ای سی) گیانیش کمار کی جانب سے وزیراعظم نریندر مودی کو دیا گیا 'دیر رات کا سالگرہ کا تحفہ' تھا۔ الیکشن کمیشن نے اے آئی ٹی سی کے حریف دھڑوں کو ضمنی انتخابات کے دوران پارٹی کا نام یا انتخابی نشان استعمال نہ کرنے کی ہدایت کی ہے اور ان سے کہا ہے کہ وہ جمعہ کی صبح تک اپنی پسند کے نام اور نشانات جمع کرائیں۔ جمعرات کی رات جاری ہونے والے ایک عبوری حکم میں، کمیشن نے ممتا بنرجی اور اروپ رائے کی قیادت والے دونوں دھڑوں کے رہنماؤں کا مؤقف سننے کے بعد یہ بیان دیا کہ اسے الیکشن سمبلز (ریزرویشن اینڈ الاٹمنٹ) آرڈر، 1968 کی دفعات کے تحت اس معاملے پر ایک ٹھوس فیصلہ کرنے کی ضرورت ہے۔ اپنے عبوری حکم میں الیکشن کمیشن نے کہا کہ، ریکارڈ پر موجود تمام معلومات پر مکمل غور و خوض کے بعد، کمیشن کی یہ رائے ہے کہ آل انڈیا ترنمول کانگریس کے اندر دو حریف دھڑے موجود ہیں، ایک کی قیادت محترمہ ممتا بنرجی کر رہی ہیں اور دوسرے کی قیادت جناب اروپ رائے کر رہے ہیں۔" کمیشن نے مزید کہا، چونکہ اب دونوں دھڑے خود کو اصل پارٹی ہونے کا دعویٰ کر رہے ہیں، اس لیے کمیشن کو الیکشن سمبلز (ریزرویشن اینڈ الاٹمنٹ) آرڈر، 1968 کے پیراگراف 15 کے تحت اس معاملے پر ایک ٹھوس فیصلہ کرنے کی ضرورت ہے۔

### نندی گرام ضمنی انتخاب: ممتا بنرجی نے کانگریس امیدوار کی حمایت کا کیا اعلان، سنچیتا پردھان نے واپس لے لیا تھا نام

مغربی بنگال کے نندی گرام اسمبلی حلقہ میں آئندہ 6 اکتوبر کو ضمنی انتخاب ہونا ہے، لیکن اس سے پہلے بڑی سیاسی ہلچل دیکھنے کو مل رہی ہے۔ ممتا بنرجی گروپ کی امیدوار سنچیتا پردھان ڈے نے وزیر اعلیٰ سوبھندو ادھیکاری سے ملاقات کے بعد آج اپنی نامزدگی واپس لے لی۔ اس کے بعد سابق وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے بی جے پی پر کئی الزامات عائد کیے، اور ساتھ ہی اس سیٹ پر ہونے والے ضمنی انتخاب میں کانگریس امیدوار کی حمایت کا اعلان کر دیا۔ آج سنچیتا پردھان ڈے کی جانب سے امیدواری واپس لیے جانے کے بعد ممتا بنرجی نے پریس کانفرنس سے خطاب کیا۔ میڈیا کے سامنے انہوں نے اعلان کیا کہ ان کا گروپ نندی گرام میں کانگریس امیدوار ملن پردھان کی حمایت کرے گا اور اب اس سیٹ پر اپنا کوئی امیدوار نہیں اتارے گا۔ انہوں نے یہ بھی جانکاری دی کہ کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے جمعرات کو انہیں فون کیا تھا۔ ممتا نے انڈیا اتحاد کے تئیں مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ "سب مل کر لڑیں گے۔" انہوں نے اروند کیجریوال کی پوسٹ کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ سب مل کر لڑائی لڑیں گے۔ واضح رہے کہ نندی گرام ضمنی انتخاب کے لیے ممتا بنرجی کی قیادت والے گروپ نے سنچیتا پردھان ڈے کو امیدوار بنایا تھا۔ 13 ستمبر کو ان کے نام کا اعلان کیا گیا تھا۔

# پاکستان: خیبر پختونخوا صوبے میں دھماکہ، 21 کی موت، 50 زخمی

## اتحاد المجاہدین پاکستان نامی تنظیم نے ذمہ داری قبول کی



پشاور، 18 ستمبر (ایجنسی) پاکستان کے صوبے خیبر پختونخوا کے ضلع کوہاٹ میں پولیس لائنز کی مسجد کے قریب جمعہ کو ہونے والے ایک خودکش کار بم حملے اور بعد ازاں دہشت گردوں کی جانب سے پولیس تنصیبات کو نشانہ بنانے کے الگ الگ واقعات میں کم از کم 21 افراد ہلاک ہو گئے، جن میں 15 پولیس اہلکار شامل ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ ان حملوں میں 80 سے زائد افراد زخمی ہوئے ہیں۔ خیبر پختونخوا کے پولیس انسپکٹر جنرل (آئی جی پی) ذوالفقار حامد نے جیو نیوز کو بتایا کہ دھماکے سے پہلے دھماکہ خیز مواد سے لدی ایک گاڑی اولڈ پولیس لائنز کے گیٹ سے ٹکرا گئی۔ انہوں نے کہا، "گاڑی گیٹ سے ٹکرائی اور پھر اس میں دھماکہ ہو گیا اور فائرنگ بھی ہوئی۔" انہوں نے بتایا کہ دہشت گردوں کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے کے دوران پولیس کی خصوصی شاخ کی عمارت میں ایک اور خودکش دھماکہ ہوا۔ آئی جی کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ دھماکہ کوہاٹ پولیس لائنز کی ایک مسجد میں ہوا۔ اس میں کہا گیا کہ ابتدائی اطلاعات کے مطابق دھماکہ خیز مواد سے لدی گاڑی کو عمارت سے ٹکرایا گیا۔ بعد میں انہوں نے کہا کہ خصوصی شاخ کی عمارت کے قریب ایک خودکش حملہ آور نے خود کو دھماکے سے اڑا لیا۔ انہوں نے بتایا کہ 'فتنہ الخوارج' کے دہشت گردوں کے ساتھ فائرنگ کا تبادلہ جاری تھا۔ انہوں نے کہا، "فتنہ الخوارج کے مکمل خاتمے تک کارروائی جاری رہے گی۔" انہوں نے کہا کہ پولیس کا حوصلہ بلند ہے۔ قابل ذکر ہے کہ 'فتنہ الخوارج' اس اصطلاح کا حصہ ہے جسے پاکستان حکومت کالعدم تحریک طالبان پاکستان سے وابستہ دہشت گردوں کے لیے استعمال کرتی ہے۔ پولیس نے بتایا کہ تقریباً 3:30 بجے تک تلاشی اور حفاظتی کارروائی آخری مرحلے میں تھی۔ بیان میں بتایا گیا کہ دھماکے کے بعد 7 دہشت گردوں نے پولیس لائنز میں داخل ہونے کی کوشش کی تھی۔ انہوں نے کہا، "اب تک ایک خودکش حملہ آور سمیت 6 دہشت گرد مارے جا چکے ہیں۔" 2021 میں طالبان کے افغانستان پر قبضے کے بعد سے پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔

### جہازوں کی ٹکر کے معاملے میں ہندوستان نے پاکستان کے الزامات مسترد کیے، معاہدوں کا احترام کرنے کی ہدایت دی

نئی دہلی، 18 ستمبر (یو این آئی) مغربی بحیرہ عرب میں ہندوستانی بحریہ اور پاکستانی بحریہ کے دو جہازوں کے درمیان ٹکر کے معاملے میں ہندوستان نے پاکستان کے الزامات کو مکمل طور پر مسترد کرتے ہوئے اس سے متعلقہ معاہدوں کی دفعات کا احترام کرنے اور پاکستان کے فوجی دستوں کو مستقبل میں احتیاط برتنے کی ہدایت دی ہے۔ وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے جمعہ کو یہاں ہفتہ وار میڈیا بریفنگ میں اس سلسلے میں پوچھے گئے سوال کے جواب میں صورتحال واضح کرتے ہوئے کہا کہ اس معاملے میں پاکستان کا رویہ ہمیشہ کی طرح ٹال مٹول اور سچائی کو چھپانے کی کوشش ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس واقعے پر ہندوستان نے یہاں قائم پاکستان کے ناظم الامور کو طلب کر کے سخت احتجاج درج کرایا تھا، لیکن اس پر پاکستان کا جو جواب آیا ہے اسے ہندوستان یکسر مسترد کرتا ہے۔ ترجمان نے کہا، "ہم نے جو احتجاج درج کرایا تھا اس پر پاکستان کا جواب دیکھا ہے۔ یہ وہی ہمیشہ کی طرح ٹال مٹول اور سچائی کو چھپانے کی کوشش ہے جس کی ہمیں امید بھی تھی کہ اس قسم کا جواب وہاں سے آئے گا۔ ہم اس میں لگائے گئے الزامات کو مکمل طور پر مسترد کرتے ہیں۔" انہوں نے صورتحال واضح کرتے ہوئے کہا کہ یہ ٹکر پاکستان کے جہاز کے غیر ذمہ دارانہ رویے کے باعث ہوئی۔ انہوں نے کہا، "میں اس معاملے میں کچھ حقائق آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں اور دہرانا چاہتا ہوں کہ آئی این ایس کولکاتا مغربی بحیرہ عرب میں تعینات تھا اور تبھی پاکستانی بحریہ کے جہاز پی این ایس حنین نے سمندر میں ناقابلِ قبول اور غیر پیشہ ورانہ رویہ اپنایا جس کے نتیجے میں یہ ٹکر ہوئی۔" مسٹر جیسوال نے کہا کہ پاکستان کے جہاز نے بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کی۔ انہوں نے کہا، "پی این ایس حنین کی جانب سے خطرناک طریقے سے آگے نکلنے کی کوشش اپریل 1991 کے ملٹری ایکسرسائز، دفاعی حرکات و سکنات اور فوجیوں کی نقل و حمل کے بارے میں پہلے سے اطلاع دینے کے متعلق ہندوستان اور پاکستان کے درمیان معاہدے کی دفعہ 10 کی سنگین خلاف ورزی تھی۔"

# یوگی حکومت 818 منتخب امیدواروں کو آج دے گی تقرری خط

## وزیر اعلیٰ لوک بھون میں 21 امیدواروں کو خود کریں گے تقسیم



لکھنؤ۔ اتر پردیش حکومت ہفتہ کو 818 منتخب امیدواروں کو تقرری خط دے گی۔ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ لوک بھون میں 21 امیدواروں کو خود تقرری خط فراہم کریں گے، جبکہ دیگر امیدواروں کو متعلقہ محکموں کی جانب سے تقرری خط دیا جائے گا۔ ان میں 357 ایکسرے ٹیکنیشن، آیوش محکمہ کے 404، ہنرمندی ترقی کے 48 اور صنعت محکمہ کے 9 منتخب امیدوار شامل ہیں۔ یوگی حکومت ریاست کے نوجوانوں کو روزگار اور سرکاری خدمات سے جوڑنے کی سمت میں ہفتہ کو ایک اور اہم قدم اٹھانے جا رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ ہفتہ کو لوک بھون سبھا گار میں منعقد ہونے والے تقرری خط تقسیم پروگرام میں مختلف محکموں میں منتخب 21 امیدواروں کو تقرری خط فراہم کریں گے، جبکہ باقی 797 امیدواروں کو محکمے کی جانب سے تقرری خط دیا جائے گا۔ کل 818 امیدواروں کو تقرری خط دیا جائے گا۔ 19 ستمبر کو منعقد ہونے والے تقرری خط تقسیم پروگرام میں پیشہ ورانہ تعلیم، ہنرمندی ترقی و صنعت کاری محکمہ، اتر پردیش صنعت ڈائریکٹوریٹ، طبی و صحت خدمات اور آیوش محکمہ سے وابستہ امیدوار شامل ہوں گے۔ تقرری خط حاصل کرنے والے امیدواروں میں پیشہ ورانہ تعلیم، ہنرمندی ترقی و صنعت کاری محکمہ کے تحت مختلف ٹریڈز کے انسٹرکٹر بھی شامل ہیں۔ اس زمرے میں کل 48 امیدواروں کا انتخاب ہوا ہے۔ ان میں مکینک (ٹریکٹر)، پینٹر (جنرل)، سروئیر، مکینیکل میڈیکل الیکٹرانکس، لیدر گڈز میکر، وائر مین اور پلمبر جیسے عہدے شامل ہیں۔ پلمبر کے عہدے پر منتخب امیدواروں کی تعداد 31 ہے، جبکہ مکینک (ٹریکٹر) کے 6، وائر مین کے 4 اور پینٹر (جنرل) کے 4 امیدواروں کو تقرری خط دیا جائے گا۔ اس کے علاوہ سروئیر، مکینیکل میڈیکل الیکٹرانکس اور لیدر گڈز میکر کے ایک ایک امیدوار کو تقرری خط دیا جائے گا۔ ان تقرریوں سے مختلف تربیتی اداروں میں تکنیکی تعلیم اور تربیت سے متعلق سرگرمیوں کو تقویت ملے گی۔

# جموں میں روہنگیا خاندانوں کی جبری بے دخلی

## گھروں کے ساتھ برسوں کی جمع پونجی بھی کوڑیوں کے بھاؤ فروخت



جموں: (ایجنسی) میانمار میں مبینہ ظلم و ستم سے فرار ہو کر بھارت پہنچنے والے روہنگیا خاندانوں کو جموں کے نروال علاقے سے اچانک بے دخلی کے باعث ایک نئے انسانی بحران کا سامنا ہے۔ انتظامیہ کی جانب سے زمین مالکان کو نوٹس جاری کیے جانے کے بعد گزشتہ تقریباً 15 برس سے قائم عارضی بستیوں میں رہنے والے متعدد خاندان اپنے ہاتھوں سے تعمیر کیے گئے کچے مکانات اور جھونپڑیوں کو خود ہی منہدم کرنے پر مجبور ہیں۔ بے دخلی کی مقررہ مدت کم ہونے کے باعث کئی خاندانوں کے سامنے نہ صرف سر چھپانے کی جگہ کا مسئلہ پیدا ہو گیا ہے بلکہ برسوں میں جمع کیے گئے گھریلو سامان کو بھی انتہائی کم قیمت پر فروخت کرنا پڑ رہا ہے۔ پنکھے، فریج، کھانا پکانے کے برتن، ٹین کی چادریں، لکڑی اور ترپال سمیت دیگر ضروری اشیاء بستی سے باہر لے جانے یا فروخت کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ای ٹی وی بھارت کے نمائندے محمد اشرف گنائی نے ٹوٹی ہوئی اس بستی کا دورہ کیا۔ بستی کے ایک رہائشی پناہ گزین محمد عارف، جو 2012 سے یہاں مقیم ہیں، نے بتایا کہ انہوں نے گزشتہ سال 18 ہزار روپے میں فریج خریدا تھا، تاہم اب بے دخلی کے باعث اسے محض 2500 روپے میں فروخت کرنے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جھونپڑیوں کی تعمیر کے لیے ٹین کی چادریں 500 سے 600 روپے فی چادر کے حساب سے خریدی گئی تھیں، لیکن اب یہی چادریں صرف 50 سے 100 روپے میں فروخت ہو رہی ہیں محمد عارف کے مطابق، "ہر جھونپڑی بنانے میں ہماری برسوں کی محنت اور جمع پونجی لگی ہے۔ ہم پہلے ہی مشکلات کا شکار ہیں اور اس طرح سامان اونے پونے داموں فروخت کرنے سے ہماری مشکلات مزید بڑھ گئی ہیں۔ دوسری جانب کئی خاندانوں کا کہنا ہے کہ وہ گزشتہ کئی دنوں سے متبادل رہائش کی تلاش میں ہیں، تاہم انہیں نہ زمین مل رہی ہے اور نہ ہی کرائے پر کمرہ فراہم کیا جا رہا ہے۔ ایک اور رہائشی صدام حسین نے بتایا کہ وہ پانچ، چھ دن سے زمین یا کرائے کے کمرے کی تلاش میں ہیں، لیکن انہیں کہیں جگہ نہیں مل رہی۔ ان کے مطابق گھر کا تقریباً 12 ہزار روپے مالیت کا سامان بھی انتہائی کم قیمت پر فروخت کرنا پڑ رہا ہے صدام حسین نے کہا، چھوٹے بچوں اور بزرگ خواتین کو لے کر ہم کہاں جائیں؟ ہمارے پاس اب کوئی سہارا نہیں ہے۔ ان پناہ گزینوں کے مطابق عارضی گھروں کا انہدام محض رہائش ختم ہونے کا معاملہ نہیں بلکہ ان کے لیے برسوں سے قائم ایک عارضی وابستگی کے خاتمے کی علامت بھی ہے۔ ان خاندانوں نے کئی برس ان بستیوں میں گزارے، محنت مزدوری کر کے روزگار حاصل کیا اور اپنی محدود آمدنی سے گھریلو سامان جمع کیا، لیکن اچانک منتقلی کے باعث وہ اپنی بیشتر اشیا ساتھ لے جانے سے قاصر ہیں۔

# آبنائے ہرمز میں کشیدگی، ایران کا آئل ٹینکر پر حملے کا دعویٰ

## امریکہ کا ایران نواز حوثیوں سے رابطہ، سعودی عرب کے تنہا پڑ جانے کا خدشہ

ایران نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے آبنائے ہرمز سے گزرنے کی کوشش کرنے والے ٹوگو کے پرچم بردار آئل ٹینکر ''ٹرینڈ'' کو نشانہ بنایا ہے۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق پاسداران انقلاب نے حملے کا جواز پیش کرتے ہوئے کہ یہ ٹینکر ''غیر قانونی طور پر (آبنائے ہرمز سے) گزرنے کی کوشش'' کررہا تھا۔ ایرانی حکام نے خبردار کررکھا ہے کہ آبنائے ہرمز سے ''غیر مجاز'' گزرنے والے جہازوں کو تباہ کردیا جائے گا۔ ایران کا کہنا ہے کہ امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے 28 فروری کو جنگ شروع ہونے کے بعد سے وہ اس آبی گزرگاہ پر کنٹرول برقرار رکھے ہوئے ہے۔ دوسری جانب برطانوی میری ٹائم سکیورٹی ادارے (UKMTO) نے اطلاع دی ہے کہ عمان کے قریب ایک بحری سکیورٹی واقعہ پیش آیا، تاہم عملہ محفوظ رہا اور ماحولیاتی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ملی۔ یہ واضح نہیں کہ آیا یہ وہی واقعہ تھا، جس کا ایران نے ذکر کیا ہے۔ علیحدہ طور پر UKMTO نے بتایا کہ آبنائے ہرمز میں ایک اور آئل ٹینکر نامعلوم نوعیت کے گولے یا میزائل سے نشانہ بنا، جس سے آگ لگ گئی، تاہم بعد میں آگ پر قابو پا لیا گیا۔ ادھر جنوبی کوریا نے کہا ہے کہ وہ اپنے بحری جہازوں اور تیل کی سپلائی لائنوں کے تحفظ کے لیے خلیج عدن میں موجود اپنی بحری فورس کے دائرہ کار کو بڑھانے پر غور کر رہا ہے، لیکن وہ ایران کے خلاف جنگ میں براہِ راست مداخلت یا فوجی دستے بھیجنے کا ارادہ نہیں رکھتا۔ جنوبی کوریائی صدر لی جے میونگ نے کہا کہ ملک کی معیشت اور بحری تجارت کے تحفظ کے لیے اقدامات ضروری ہیں، تاہم ''ایسی کوئی فوجی تعیناتی نہیں کی جائے گی جو جنگ میں شمولیت یا مداخلت کے مترادف ہو۔'' دریں اثنا اٹلی بھی بحیرہ احمر اور باب المندب میں اپنے تجارتی جہازوں کی حفاظت کے لیے نئے اقدامات کا جائزہ لے رہا ہے۔ اطالوی وزیر دفاع نے متعلقہ حکام کو ممکنہ حفاظتی اقدامات اور فوجی انتظامات کا جائزہ لینے کی ہدایت دی ہے۔



امریکہ اور انصار اللہ، جسے حوثی بھی کہا جاتا ہے، کے درمیان براہِ راست رابطے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں، جو یمن میں جاری تنازع کی صورت حال اور اس کی حرکیات کو تبدیل کرسکتی ہیں اور ریاض کو ان یمنی باغیوں کے حملوں سے بڑی حد تک خود نمٹنا پڑسکتا ہے۔ سفارتی ذرائع نے جمعرات کو ریاض سے جرمن خبر رساں ادارے ڈی پی اے کو بتایا ہے کہ یمن میں دوبارہ شروع ہونے والی لڑائی کے دوران امریکی حکومت کے نمائندوں نے حوثی ملیشیا کے نمائندوں سے براہ راست مذاکرات کیے ہیں۔ ذرائع کے مطابق عمان میں امریکی سفارت خانے میں ہونے والی ایک ملاقات کے دوران حوثیوں نے یقین دہانی کرائی کہ وہ بحیرۂ احمر میں آبنائے باب المندب اور خلیج عدن کے گرد موجود امریکی یا اسرائیلی بحری جہازوں پر حملہ نہیں کریں گے۔ امریکہ اور حوثیوں کے درمیان براہ راست ملاقات کی یہ خبر نیوز ایجنسی روئٹرز نے بھی دی ہے۔ اس نے کہا کہ یہ ملاقات یمن کے بحیرۂ احمر کے ساحلی علاقوں میں حوثیوں کی تیز رفتار پیش قدمی کے بعد ہوئی۔ روئٹرز نے ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ خطے میں طویل عرصے سے ثالثی کا کردار ادا کرنے والی عمانی حکومت نے اس ملاقات کے انتظام میں مدد کی۔

قبل ازیں صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ہفتے کو کہا تھا کہ حوثیوں نے ان کی انتظامیہ سے فون پر رابطہ کرکے امریکہ سے یمن کی جنگ سے دور رہنے کی درخواست کی تھی۔ نائب صدر جے ڈی وینس نے پیر کو کہا تھا کہ امریکہ حوثیوں کے ساتھ براہِ راست رابطے میں ہے۔ چند ہفتے قبل یمن میں ایرانی حمایت یافتہ حوثیوں اور سعودی حمایت یافتہ بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ حکومت کے درمیان دوبارہ لڑائی شروع ہونے کے بعد سے سعودی عرب کو شدید حملوں کا سامنا ہے۔ ایران نواز حوثی ملیشیا نے اس سے قبل سعودی بحری جہازوں کو ہدف بناتے ہوئے ''بحری ناکہ بندی'' کا اعلان کیا تھا اور بعد ازاں متعدد سعودی بحری جہازوں پر مبینہ حملے کیے یا انہیں اپنا راستہ تبدیل کرنے پر مجبور کیا۔ ذرائع نے ڈی پی اے کو بتایا کہ امریکی نمائندوں نے سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کو حوثیوں کے ساتھ ہونے والے مذاکرات کے بارے میں آگاہ کر دیا ہے۔ ریاض کے سفارتی ذرائع کے مطابق سعودی قیادت حوثیوں کے حملوں کو روکنے کے لیے امریکہ سے مزید فوجی مدد حاصل کرنے کی کوشش کر رہی تھی۔ خیال رہے کہ مکہ دفاعی اتحاد کے رکن پاکستان اور ترکی نے یمن میں کسی بھی جنگی کارروائی میں حصہ لینے کے امکان کو مکمل طور پر مسترد کر دیا ہے، جبکہ امریکہ اور برطانیہ نے حوثیوں کے ٹھکانوں پر فضائی حملے کرنے کی درخواستیں بھی مسترد کر دی ہیں۔

## ایران میں امریکہ کے جنگی جرائم کے مرتکب ہونے کے معقول شواہد ملے، اقوام متحدہ



اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے ماہرین کا کہنا ہے کہ ایسے معقول شواہد موجود ہیں، جن کی بنیاد پر یہ سمجھا جا سکتا ہے کہ امریکہ نے ایران میں دو حملوں کے دوران جنگی جرائم کا ارتکاب کیا۔ انڈیپینڈنٹ انٹرنیشنل فیکٹ فائنڈنگ مشن آن ایران کی نئی رپورٹ کے مطابق فروری میں مناب کے ایک پرائمری اسکول اور لامرد کے ایک اسپورٹس کمپلیکس پر میزائل حملے 'اندھا دھند حملوں' کے زمرے میں آتے ہیں، جن کے نتیجے میں شہری ہلاکتیں ہوئیں اور شہری بنیادی ڈھانچے کو نقصان پہنچا۔ امریکہ اس سے قبل لامرد پر حملہ کرنے کی تردید کر چکا ہے جبکہ میناب میں پیش آنے والے واقعے کی تحقیقات جاری رکھنے کا اعلان کیا تھا۔ امریکی محکمہ خارجہ کے ایک اہلکار نے کہا کہ امریکہ اس رپورٹ میں پیش کیے گئے نتائج کو قابل اعتبار نہیں سمجھتا۔ اقوام متحدہ کے ماہرین نے اپنی اس رپورٹ میں کہا کہ 28 فروری کو میناب کے ایک پرائمری اسکول اور لامرد کے ایک اسپورٹس کمپلیکس پر ہونے والے حملوں میں معقول بنیادیں موجود ہیں کہ امریکہ ملوث تھا۔ ان حملوں میں کم از کم 177 شہری، جن میں بڑی تعداد بچوں کی تھی، ہلاک ہوئے۔ ماہرین کے مطابق دونوں مقامات واضح طور پر شہری علاقے تھے اور ان کے فوجی استعمال کے شواہد نہیں ملے۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ جنوری میں حکومت مخالف بڑے احتجاجی مظاہروں کے خلاف کارروائی کے دوران ایرانی حکام نے انسانیت کے خلاف جرائم کا ارتکاب کیا۔ ماہرین کے مطابق سکیورٹی فورسز کی جانب سے ہلاکتیں ایران کے تمام 31 صوبوں میں ''حیران کن اور غیر معمولی پیمانے'' پر ہوئیں۔ ایران نے تاحال ان نتائج پر کوئی تبصرہ نہیں کیا، تاہم وہ ماضی میں انسانی حقوق کی منظم خلاف ورزیوں کے الزامات کو مسترد کرتا رہا ہے۔

## سعودی عرب کا دفاع کیا جائے گا، پاکستانی فوج

پاکستان کے فوجی ترجمان نے کہا ہے کہ ان کا ملک اپنے اتحادی سعودی عرب کے دفاع کے لیے ''کسی بھی حد تک جائے گا''۔ پاکستان فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا یہ بیان ایک ایسے وقت پر سامنے آیا ہے، جب یمن کے حوثی باغیوں کی جانب سے سعودی عرب پر حملوں میں اضافہ دیکھا جا رہا ہے۔ اس ہفتے حوثی فورسز نے سعودی فضائی حملوں کی نئی اطلاعات دی ہیں، جبکہ ریاض نے حوثیوں پر اسلام کے مقدس شہر مکہ کو نشانہ بنانے کی کوشش کا الزام بھی عائد کیا ہے۔ سعودی عرب نے اس حملے کو ''بزدلانہ'' قرار دیا، جس کے بعد مسلم دنیا میں شدید ردعمل سامنے آیا۔ تاہم ایران نواز حوثی باغیوں نے ان الزامات کی تردید کی ہے۔ جمعرات کو عرب نیوز کو دیے گئے ایک انٹرویو میں پاکستان کے فوجی ترجمان نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کی حمایت ''سفارتی اور عملی دونوں سطحوں پر'' کرے گا۔ انہوں نے کہا، ''حرمین شریفین اور مملکت سعودی عرب کی سلامتی کے لیے ہم کسی بھی حد تک جائیں گے۔'' گزشتہ ماہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکی نے نام نہاد مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے تھے، جس کے تحت تینوں ممالک میں سے کسی ایک پر حملے کی صورت میں باہمی دفاع کا عہد کیا گیا ہے۔ یہ معاہدہ ایسے وقت پر سامنے آیا جب خطے میں امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ جاری ہے اور ایران کی حمایت یافتہ حوثی باغی مختلف حملے کر رہے ہیں۔

## وارن بفیٹ برکشائر ہیتھ وے کی چیئرمین شپ سے مستعفی، بیٹے ہاورڈ سنبھالیں گے کمان



نیویارک، 18 ستمبر (یو این آئی) معروف سرمایہ کار وارن بفیٹ نے برکشائر ہیتھ وے کے چیئرمین کے عہدے سے سبکدوش ہونے کا اعلان کیا ہے۔ ان کے بیٹے ہاورڈ بفیٹ نئے چیئرمین کی حیثیت سے ان کی جگہ لیں گے۔ 96 برس کی عمر کو پہنچ چکے وارن بفیٹ بورڈ میں برقرار رہیں گے اور چیئرمین ایمیریٹس کی حیثیت سے اپنی خدمات انجام دیتے رہیں گے۔ وارن بفیٹ نے اپنی ویلیو انویسٹنگ کی حکمت عملی استعمال کرتے ہوئے برکشائر ہیتھ وے کو دنیا کی سب سے قیمتی کمپنیوں میں سے ایک بنا دیا۔ وہ دنیا کے 10 امیر ترین افراد میں شامل ہیں اور بڑے مخیر حضرات میں بھی شمار ہوتے ہیں۔ ایک انڈیکس کے مطابق اس وقت ان کی مجموعی دولت 145 ارب ڈالر ہے۔ ان کے اعلان کے بعد برکشائر کے حصص کی قیمت میں کوئی بڑی تبدیلی نہیں دیکھی گئی۔ بفیٹ گزشتہ سال کے اختتام پر کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) کی حیثیت سے کئی دہائیوں پر محیط اپنی ذمہ داری سے سبکدوش ہوگئے تھے۔ بفیٹ نے جمعہ کو برکشائر کے شیئر ہولڈرز کے نام ایک خط میں کہا کہ وہ اس لیے عہدہ چھوڑ رہے ہیں کیونکہ موجودہ سی ای او گریگ ایبل ان کی توقعات سے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ تاہم، انہوں نے خط میں اپنی بڑھتی عمر کا بھی ذکر کیا اور مزاحیہ انداز میں لکھا کہ ان کا ایک سالہ پڑپوتا ان دنوں ان سے کچھ تیز چلتا ہے۔ بفیٹ نے لکھا کہ وقت ہمیشہ جیتتا ہے، لیکن وہ ان کے ساتھ مہربان رہا ہے اور اس نے انہیں برکشائر کو اس مقام تک پہنچانے کا موقع دیا جہاں وہ کمپنی کے مستقبل کے بارے میں پہلے سے کہیں زیادہ پُراعتماد ہیں۔ گریگ ایبل نے وارن بفیٹ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ امریکی کاروبار کی تاریخ میں برکشائر اور اس کے شیئر ہولڈرز پر وارن بفیٹ کے اثرات کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ بفیٹ نے اپنی زندگی میں خطیر رقم عطیہ کی ہے۔ 2010 میں انہوں نے بل گیٹس اور میلنڈا فرنچ گیٹس کے ساتھ مل کر 'دی گیونگ پلیج' شروع کیا تھا، جس کا مقصد دنیا کے امیر ترین افراد کو اپنی دولت کا کم از کم نصف حصہ خیراتی کاموں کے لیے عطیہ کرنے کا عہد کرنے کی ترغیب دینا تھا۔ شیئر ہولڈرز کے نام 2025 کے خط میں بفیٹ نے واضح کیا تھا کہ ان کی وفات کے وقت ان کی 99 فیصد سے زیادہ دولت مختلف خیراتی اداروں کو منتقل کر دی جائے گی۔ اس وقت تک ان کی جانب سے دیے گئے عطیات کی مجموعی مالیت 60 ارب ڈالر تک پہنچ چکی تھی۔

## روس میں پارلیمانی الیکشن کا انعقاد، مکمل نتائج پیر کو



روس میں جمعہ کے روز سے پارلیمانی انتخابات کا آغاز ہوگیا ہے، جنہیں صدر ولادیمیر پوٹن نے یوکرین جنگ کے حوالے سے عوامی حمایت کا پیمانہ قرار دے دیا ہے۔ انتخابی عمل جمعہ تا اتوار تین روز تک جاری رہے گا۔ یہ انتخابات فروری 2022 میں یوکرین پر روس کے مکمل حملے کے بعد ہونے والے پہلے پارلیمانی انتخابات ہیں۔ اس ووٹنگ کے نتیجے میں 450 نشستوں پر مشتمل ایوانِ زیریں کی نئی تشکیل طے ہوگی۔ توقع کی جارہی ہے کہ پوٹن کی حامی حکمران جماعت یونائیٹڈ رشیا ایک مرتبہ پھر اپنی برتری برقرار رکھے گی، کیونکہ روس کا سیاسی نظام سخت سرکاری کنٹرول میں سمجھا جاتا ہے۔ جنگ مخالف بیشتر امیدواروں کو انتخابی عمل سے باہر کر دیا گیا ہے۔ روس کی سپریم کورٹ نے فیصلہ دیا کہ جنگ بندی کی حامی لبرل جماعت یابلوکو نے انتخابی قوانین کی خلاف ورزی کی ہے، جس کے باعث جماعت کو بڑے پیمانے پر انتخابات سے خارج کر دیا گیا۔ تاہم یابلوکو کے بعض رکن بطور آزاد امیدوار الیکشن لڑ رہے ہیں۔ انتخابات سے قبل قوم سے اپنے ٹیلی ویژن خطاب میں پوٹن نے کہا کہ ووٹ ڈالنا یوکرین میں روس کی فتح کو یقینی بنانے اور بیرونی دباؤ کے مقابلے میں قومی عزم کا اظہار کرنے کا ایک طریقہ ہے۔ روسی صدر دفتر کریملن کا کہنا ہے کہ قومی اتحاد اس لیے ضروری ہے کیونکہ یوکرین کی خفیہ ایجنسیاں اور روس کے دیگر دشمن ملک کے اندر بے چینی اور بدامنی پھیلانے کی کوششیں تیز کر رہے ہیں۔ یہ ووٹنگ ایسے وقت میں ہو رہی ہے، جب رائے عامہ کے جائزوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ بعض روسی شہری اس بات پر زیادہ فکرمند ہیں کہ یوکرین جنگ ان کی روزمرہ زندگی کو متاثر کر رہی ہے۔ روسی معیشت بھی دباؤ کا شکار ہے اور حکام ممکنہ طور پر ان انتخابات کو یہ جانچنے کے لیے استعمال کریں گے کہ معاشرے میں جنگ سے پیدا ہونے والی بے چینی کس حد تک بڑھ چکی ہے۔ یوکرینی ڈرون حملوں کے باعث بعض علاقوں میں ایندھن کی قلت پیدا ہوئی ہے، جبکہ کاروباری ادارے بلند شرح سود، افرادی قوت کی کمی اور مغربی پابندیوں جیسے مسائل سے نبرد آزما ہیں۔ ابتدائی اور جزوی نتائج اتوار کو متوقع ہے، جبکہ تقریباً مکمل نتائج پیر کے روز سامنے آجائیں گے۔

## ترکیہ دنیا کے سب سے بڑے فضائی نیٹ ورکس میں شامل: دعوی

انقرہ، 18 ستمبر (یو این آئی) صدر ایردوان کا کہنا ہے جب انہوں نے 2002 میں وزارتِ عظمی کا عہدہ سنبھالا تھا تو فعال ہوائی اڈوں کی تعداد 26 تھی اور آج یہ تعداد 58 تک جا پہنچی ہے۔ انہوں نے کہا ''ہم نے ترکیہ کو دنیا کے وسیع ترین فضائی نیٹ ورک کے حامل ممالک میں سے ایک بنا دیا ہے۔'' انہوں نے بتایا کہ صرف استنبول میں ہوابازی کے شعبے کی مد میں 604.4 بلین لیرے سمیت، نقل و حمل اور بنیادی ڈھانچے کے شعبوں میں موجودہ قیمتوں کے حساب سے مجموعی طور پر 2.12 ٹریلین لیرے کی سرمایہ کاری کی گئی ہے۔ ترک صدر نے کہا: ''2026 کے پہلے آٹھ ماہ میں پورے ملک میں ہوائی سفر کرنے والے مسافروں کی تعداد 167.5 ملین سے تجاوز کر گئی، جو ہماری آبادی کے لگ بھگ دوگنا کے برابر ہے۔'' ایردوان نے کہا: ہمارا ہدف جمہوریہ ترکیہ کو سرمایہ کاریوں، تعمیرات اور خدمات کے ذریعے ترقی سے ہمکنار کرنا ہے۔'' انہوں نے مزید کہا کہ ''ہماری جانب سے خدمت میں لایا جانے والا چوتھا مرکزی رن وے اور اضافی سرمایہ کاری، استنبول ہوائی اڈے، جو کہ عالمی رابطوں میں دنیا میں سرِ فہرست ہے، کو کافی زیادہ تقویت ملے گی۔''

## امریکہ کی سعودی عرب کو 48 ایف-35 طیارے فروخت کرنے کی ممکنہ منظوری

واشنگٹن، 18 ستمبر (یو این آئی (امریکہ نے سعودی عرب کو 48 جدید ایف-35 لائٹننگ ٹو جنگی طیارے فروخت کرنے کی ممکنہ منظوری دے دی ہے۔ مجوزہ دفاعی معاہدے کی مالیت 24.3 ارب ڈالر بتائی گئی ہے امریکی محکمہ خارجہ کے مطابق ممکنہ فروخت کے پیکیج میں 48 ایف-35 طیاروں کے علاوہ 49 انجن، مواصلاتی اور الیکٹرانک جنگی نظام، اسپیئر پارٹس، تربیتی ساز و سامان، سمیولیٹرز اور دیگر معاون آلات شامل ہیں۔ معاہدے کو حتمی شکل دینے کے لیے امریکی کانگریس کی منظوری ضروری ہوگی۔ ایف-35 لائٹننگ ٹو اسٹیلتھ ٹیکنالوجی سے لیس جدید لڑاکا طیارہ ہے۔ سعودی عرب کئی برس سے ایف-35 طیارے حاصل کرنے میں دلچسپی کا اظہار کرتا رہا ہے اور اپنی فضائی دفاعی صلاحیتوں کو جدید بنانے کے لیے امریکہ کے ساتھ دفاعی تعاون بڑھا رہا ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کے مطابق مجوزہ فروخت سے سعودی عرب کی دفاعی صلاحیت اور امریکی و اتحادی افواج کے ساتھ باہمی تعاون بہتر ہوگا، جبکہ واشنگٹن کا کہنا ہے کہ اس سے خطے میں بنیادی فوجی توازن تبدیل نہیں ہوگا۔

## روس اور یوکرین کے حملوں میں متعدد افراد زخمی

ماسکو، کیف، 18 ستمبر (یو این آئی) روس اور یوکرین نے جمعہ کی شب ڈرون حملوں کا تبادلہ کیا، یوکرینی حکام نے مختلف علاقوں میں 12 افراد کے زخمی ہونے کی اطلاع دی جبکہ روسی حکام نے ڈرون کے ملبے کے گرنے سے نقصانات کی خبر دی ہے۔ کیف میں ایک روسی ڈرون حملے میں پانچ افراد زخمی ہوئے جن میں تین بچے بھی شامل ہیں، کیف شہری عسکری انتظامیہ کے سربراہ تیمور تکاچینکو کا کہنا ہے کہ حملے میں ایک مکان تباہ اور ایک کو نقصان پہنچا ہے۔ یوکرینی فضائیہ نے کہا کہ روسی افواج نے کل شب 93 ڈراون لانچ کیے اور فضائی دفاع نے 69 ڈراون یا تو مار گرائے یا جیم کر دیے۔ خارکیف کے علاقے میں متعدد روسی حملوں کے دوران تین افراد زخمی ہوئے، علاقائی دفترِ اٹارنی کا کہنا ہے کہ رہائشی املاک، عمارتیں اور ایک گاڑی کو نقصان پہنچا ہے۔ یوکرینی داخلہ وزارت نے بتایا ہے کہ زاپوریژیا میں ایک روسی حملے میں ایک شاپنگ سینٹر کو نشانہ بنایا گیا، جس سے ایک شخص زخمی ہوا اور جائے وقوعہ پر آگ بھڑک اٹھی۔ امدادی کارکنوں نے بعد ازاں آگ بجھا دی۔ اودیسا کے علاقے میں گورنر اولے کیپر کے بقول شہری انفراسٹرکچر پر جسے انہوں نے بڑا حملہ قرار دیا، تین مزید افراد زخمی ہوئے۔ رہائشی علاقے، ایک ادارہ، اسٹوریج ٹینک اور گوداموں کو نقصان پہنچا۔ یہ تازہ حملے ایک وسیع روسی حملہ مہم کے بعد ہوئے جن کے بارے میں یوکرینی حکام نے کہا کہ جمعرات کو ملک بھر میں شہری ہلاک اور زخمی ہوئے۔ ماسکو کے میئر سرگئی سوبیانن نے کہا کہ 350 سے زائد یوکرینی ڈرون ماسکو کی طرف داغے گئے جن میں سے بیشتر دارالحکومت تک پہنچنے سے پہلے تباہ کر دیے گئے اور 64 کو ماسکو کے قریب ناکارہ بنایا گیا۔

## جنوبی کوریا کا آبنائے ہرمز میں جنگی کردار سنبھالنے سے انکار، جنگی مقاصد کی تعیناتی نہیں ہوگی



سیئول، 18 ستمبر (یو این آئی) جنوبی کوریا کے صدر لی جے میونگ نے تنگ ہرمز میں موجود صورتحال کے جواب میں جنگی فوجی دستے تعینات کرنے سے انکار کیا اور کہا کہ سیئول ایسی فوجی نفری نہیں بھیجے گا جو اسے بیرونِ ملک تنازعے میں کھینچ سکتی ہو۔ جنوبی کوریا کے صدر لی جے میونگ نے اعلان کیا کہ سیول آبنائے ہرمز کو جنگی دستے نہیں بھیجے گا۔ لی نے کہا کہ ان کا ملک بیرون ملک کسی تنازع یا جنگ میں شامل نہیں ہوگا۔ تاہم لی نے کہا کہ جنوبی کوریا کو اپنی شہریوں اور اس اہم پانی کے راستے کے ذریعے خام تیل کی آمد و رفت کے راستوں کی حفاظت کے لیے کم از کم سطح کی سرگرمیاں انجام دینی ہوں گی۔ چیونگائے جنوبی کوریا کے چیونگائے ملٹری یونٹ نے پہلے ہی خطے میں اپنے فرائض کا دائرہ بڑھا دیا ہے۔ لی نے اشارہ کیا ہے کہ سیول اپنی حفاظتی سرگرمیوں کو مضبوط بنانے کے لیے اضافی اقدامات کا جائزہ لے رہا ہے۔ دی چوسن ڈیلی کے مطابق انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا جنگی تعیناتی نہیں ہوگی اور دہرایا کہ جنوبی کوریا غیر مداخلت اور غیر ملوث رہنے کے اپنے اصول کو برقرار رکھے گا۔ یہ بیانات اس وقت سامنے آئے جب ساؤتھ کوریا واشنگٹن کے دباؤ کے درمیان آبنائے ہرمز کے ذریعے نیویگیشن کو محفوظ بنانے کی کوششوں میں ممکنہ شراکتوں پر غور کر رہا تھا۔ مبینہ طور پر زیرِ غور اثاثوں میں بحری نگرانی کے طیارے، دھماکہ خیز اشیاء کو بے اثر کرنے والی ٹیمیں اور بحری مینوں کا پتہ لگانے اور انہیں صاف کرنے کے لیے بغیر پائلٹ کے نظام شامل ہیں، اگرچہ حکومت نے کہا کہ فی الحال کوئی حتمی فیصلہ نہیں ہوا۔ آبنائے ہرمز جنوبی کوریا کے لیے ایک اہم توانائی گزرگاہ ہے، اور ایران کے ساتھ تنازعے اور یمن کے حوثی گروپ کی بڑھتی سرگرمیوں نے جہاز رانی اور خام تیل کی فراہمی کے حوالے سے خدشات پیدا کر دیے ہیں۔ لی نے کہا کہ تنازعے کے ابتدائی دور میں جب جہاز خطرناک پانیوں سے گریز کر رہے تھے تو جنوبی کوریا کے لیے خام تیل کا حصول دشوار ہوگیا تھا۔

## نیتن یاہو کا غزہ میں نسل کشی کی تعریف کرتے ہوئے انتخابی مہم کا آغاز

تل ابیب، 18 ستمبر (یو این آئی) اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے اپنی لیکوڈ پارٹی کی انتخابی مہم کا آغاز ایک خطاب کے ساتھ کیا جس میں زیرِ محاصرہ غزہ میں فلسطینیوں کے قتلِ عام اور لبنان، شام کے بعض حصوں میں اسرائیلی دراندازی اور ایران پر حملوں کو اجاگر کیا گیا۔ اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے اپنی لیکوڈ پارٹی کی انتخابی مہم کا آغاز ایک خطاب کے ساتھ کیا جس میں زیرِ محاصرہ غزہ میں فلسطینیوں کے قتلِ عام اور لبنان، شام کے بعض حصوں میں اسرائیلی دراندازی اور ایران پر حملوں کو اجاگر کیا گیا۔ عالمی فوجداری عدالت (آئی سی سی) کی جانب سے غزہ میں جنگی جرائم کے الزام میں مطلوب نیتن یاہو کی حکومت کو تنقید کا نشانہ بننا پڑا تھا کہ وہ 7 اکتوبر 2023 کو حماس کی قیادت میں اسرائیل پر ہونے والے حملے کو روکنے میں ناکام رہی، مگر جمعرات کو اس نے اصرار کیا کہ وہ اور ان کی پارٹی واحد ہیں جو اسرائیل کی سلامتی کی ضمانت دے سکتے ہیں''۔ اس نے 2023 کے بعد ایران، لبنان، شام اور غزہ میں ہونے والی اسرائیلی جارحیت کی فہرست دی۔ اس نے کہا ''مشن مکمل ہونا چاہیے؛ ہمیں ایرانی نظام کو گرانا ہوگا اور حزب اللہ اور حماس کو مکمل طور پر تباہ کرنا ہوگا۔'' نیتن یاہو نے اپنے حریفوں پر ''سرزمین سے دستبرداری'' کرنے کے ارادے کا الزام بھی لگایا، اور لبنان، شام اور غزہ میں اسرائیلی فوجیوں کی موجودگی کو اس بات کا ثبوت قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہم زمین دینے کے بجائے لیتے ہیں''۔ وزیر اعظم نے دوبارہ کہا کہ ''میں نے مشرقِ وسطیٰ کا چہرہ بدل دیا ہے'' اور ایک بار پھر اسے بدلنے کا عندیہ دیا، مگر اس بارے میں تفصیلات فراہم نہیں کیں۔ نیتن یاہو اسرائیل کی تاریخ کی سب سے انتہا پسند حکومت کی سربراہی کر رہا ہے۔ اس نے اپنے ملک کو نسل کشی اور متعدد جنگوں میں دھکیل دیا ہے جبکہ مقبوضہ مغربی کنارے میں غیر قانونی صہیونی بستیوں کی تعمیر میں اضافہ کیا ہے۔ دریں اثنا، اسرائیل روزانہ کی بنیاد پر غزہ میں نسل کشی جاری رکھے ہوئے ہے، جو ایک طرفہ جنگ بندی کی خلاف ورزی ہے، اور جنوبی لبنان میں حملے اور قبضہ جاری رکھے ہوئے ہے۔ نیتن یاہو پہلے ایسے وزیر اعظم ہیں جنہیں فوجداری مقدمے کا سامنا ہے؛ ان پر متعدد بدعنوانی کے الزامات عائد ہیں جن سے وہ انکار کرتے ہیں۔ رائے عامہ کے جائزے ظاہر کرتے ہیں کہ 27 اکتوبر کے انتخابات سخت مقابلہ ہوں گے۔

## نائیجیریا: حراست کے دوران غیر قانونی کان کنی کے 37 مشتبہ افراد ہلاک



لاگوس، 18 ستمبر (یو این آئی) نائیجیریا میں غیر قانونی کان کنی کے الزام میں حراست میں لیے گئے کم از کم 37 افراد کی مشتبہ حالات میں دم گھٹنے سے موت ہوگئی۔ واقعے کے بعد پھوٹنے والے تشدد اور مقامی باشندوں کے احتجاج کے درمیان پولیس نے معاملے کی اعلیٰ سطحی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ بی بی سی کے مطابق نائیجیریا کی سکیورٹی فورسز نے منگل کے روز نائجر ریاست کے بورگو علاقے میں سونے کی غیر قانونی کان کنی میں ملوث ہونے کے شبہے میں 50 سے زائد نوجوانوں کو گرفتار کیا تھا۔ حراست میں لیے جانے کے دو روز بعد نیم فوجی دستے کے حراستی مرکز کے اندر 37 قیدی مردہ پائے گئے۔ متاثرین کے اہل خانہ کے مطابق، قیدیوں کی موت انتہائی بھیڑ والے لاک اَپ میں ہوا کی مناسب آمد و رفت نہ ہونے اور شدید حبس و گرمی کے باعث دم گھٹنے سے ہوئی۔ دوسری جانب سکیورٹی ایجنسی نے دعویٰ کیا ہے کہ یہ اموات ڈفتھیر یا بیماری کی وجہ سے بھی ہوسکتی ہیں۔ تاہم، ایجنسی کے ہیڈ کوارٹر نے بعد میں واضح کیا کہ اموات کی اصل وجہ کی تصدیق طبی اور لیبارٹری تحقیقات کے بعد ہی ہوسکے گی۔ واقعے کی خبر پھیلتے ہی مشتعل کان کنوں اور مرنے والوں کے اہل خانہ نے بینا شہر میں احتجاج شروع کر دیا اور سرکاری املاک اور عوامی بسوں پر پتھراؤ کیا۔ مظاہرین کو منتشر کرنے کے لیے پولیس نے آنسو گیس کے گولے داغے۔ نائجر ریاست کے گورنر محمد عمر باگو نے واقعے کو ''افسوسناک اور تکلیف دہ'' قرار دیتے ہوئے ریاست میں تین روزہ سوگ کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے صورتحال کی سنگینی کے پیش نظر جنوری میں ہونے والے آئندہ انتخابات کی انتخابی مہم بھی ملتوی کر دی ہے۔ اس کے علاوہ غفلت کے الزامات کے تحت متعلقہ سکیورٹی فورس کے کمانڈر کو حراست میں لے لیا گیا ہے۔

## ایران: حکومت کے حق میں ریلی، لاکھوں ایرانی شہری یکجا

تہران، 18 ستمبر (یو این آئی) لاکھوں ایرانیوں نے جمعہ کو حکومت کے زیرِ اہتمام مظاہرے میں شرکت کی، جو مہینوں کی جنگ کے بعد اس نوعیت کا عظیم ترین اجتماع تھا، انہوں نے ہتھیار اٹھانے کی آمادگی کا عندیہ دیا۔ یہ امریکہ اور اسرائیل کے فروری میں ایران پر حملے کے بعد سب سے بڑی ریلی تھی۔ حکومتِ ایران نے، امریکی بحری محاصرے اور واشنگٹن کی نئی پابندیوں کے تحت مزید بگڑنے والی معیشت کہ جن کا مقصد تہران پر دباؤ بڑھانا ہے، کے باوجود عوام کو ایک جگہ جمع کرنے اور قومی یکجہتی پر زور دینے کی کوشش کی ہے۔ محدود فوجی تربیت لینے اور جان فدائے ایران'' کے نام سے جانی جانے والی ایک مہم کے تحت ملک کا دفاع کرنے کے لیے تیار ہونے والے رضا کاروں کی تعداد کا قطعی تعین نہیں ہو سکا۔ رضا کار وسطی تہران سے جنگی وردیوں میں مارچ کرتے ہوئے اور پرچم اٹھائے نظر آئے، جبکہ تماشائیوں نے تالیوں اور نعرہ بازی سے ان کے حوصلے بلند کیے۔ سرکاری میڈیا کئی دنوں سے ایرانیوں کو اس مہم میں شامل ہونے کی ترغیب دے رہا تھا اور اعلان کیا تھا کہ رائفل چلانے کی تربیت جلد شروع ہوگی۔ یہ رضا کار پاسدارانِ انقلاب اسلامی اور اس کی رضا کارانہ بسیج فورس کے ساتھ مل کر ملکی تحفظ کے ایک اضافی یونٹ کو تشکیل دیں گے۔ تہران کے آئی آر جی سی کے سربراہ جنرل حسن حسن زادہ نے سرکاری ٹیلی ویژن سے کہا کہ شرکت کے لیے چھ لاکھ سے زائد افراد نے رجسٹریشن کروائی ہے اور توقع ہے کہ ایک ملین سے زائد لوگ تربیت حاصل کریں گے۔ جمعہ کی صبح سرکاری ٹی وی نے اندازہ لگایا کہ تین لاکھ سے زائد افراد سڑکوں پر ہیں۔ بسیج کے نئے سربراہ حسین طائب نے کہا کہ یہ رضا کار مکمل دفاع کے لیے تیار ہوں گے اور مشابہ اجتماعات عنقریب دوسرے شہروں میں بھی منعقد کیے جائیں گے۔ طائب نے کہا کہ تربیت یافتہ افراد ایران کے دشمنوں کے لیے ایک ''ڈراونا خواب بن جائیں گے'' جب کہ صدر مسعود پزشکیان، فوجی کمانڈرز اور دیگر سینیئر حکام نے اس مارچ پاسٹ کا معائنہ کیا۔ کچھ شرکاء نے امریکی اور اسرائیلی پرچموں کو زمین تلے مسلا، جبکہ دیگر نے ''امریکہ مردہ باد'' اور اسرائیل مردہ باد'' کے نعرے لگائے۔ اپنے شوہر اور ننھے بچے کے ساتھ مظاہرے میں شریک 24 سالہ مرزیہ آفاقی نے کہا کہ ''میں یہاں ٹرمپ کو بتانے آئی ہوں کہ ہم ایرانی اپنی دھرتی کے خلاف ان کی دھمکیوں سے نہیں ڈرتے۔ تاریخ میں کسی نے ایران پر حملہ کر کے وہاں مستقل قیام نہیں کیا۔ یہ ریلی ایران کو فوجی ساز و سامان کی نمائش کرنے کا موقع بھی فراہم کرتی رہی۔ ہوائی فائرنگ بیٹریاں نمائش کے لیے رکھی گئیں، جبکہ پاسدارانِ انقلاب کے وومن ونگ کی اراکین ٹرکوں پر نصب مشین گنز کے پاس بیٹھی دکھائی دیں۔ آئی آر جی سی نے ایسے ڈرونز بھی دکھائے جو آبنائے ہرمز میں جہازوں کے خلاف وسیع پیمانے پر استعمال کیے گئے ہیں اور جن کے باعث خلیجی تیل اور قدرتی گیس کی عالمی منڈیوں تک رسد شدید متاثر ہوئی۔ جمعے کے واقعات نے یہ بھی اشارہ دیا کہ ایران کی قیادت کے اندر سخت رویہ رکھنے والے عناصر مستقبل میں حکومت کے خلاف مظاہروں کو دبانے کے لیے بہتر طور پر تیار ہو سکتے ہیں۔ جنوری میں، جنگ سے کچھ وقت قبل، ایران نے اپنی تاریخ کے کچھ بڑے ملک گیر مظاہروں کا مشاہدہ کیا۔ یہ مظاہرے ابتدا میں کمزور معیشت کے خلاف شروع ہوئے لیکن بعد میں وسیع تر شکایات کا دائرہ اختیار کر گئے۔ کارکنوں نے کہا کہ بعد کے کریک ڈاؤن میں سات ہزار سے زائد افراد ہلاک ہوئے، جبکہ لاکھوں افراد کو حراست میں لیا گیا۔ حکومتی عہدیداروں نے مئی میں کہا تھا کہ ایران کی کل آبادی جسے تقریباً 90 ملین مانا جاتا ہے، اس میں سے 30 ملین سے زائد افراد نے آن لائن فارم یا عوامی اجتماعات کے ذریعے اس مہم میں رضا کارانہ شمولیت کی درخواست دی تھی۔ اس اعداد و شمار کی آزادانہ تصدیق ممکن نہیں تھی۔



# وفات شہزادۂ اعظم موسیٰ مبرقع رحمۃ اللہ علیہ ابن امام محمد تقیؑ

سید سرفراز عباس کراروی



جناب سرکار موسیٰ مبرقع ؒ حضرت امام رضا ؑ کے پوتے، امام محمد تقی ؑ کے فرزند ارجمند اور امام علی نقی ؑ کے برادر خرد ہیں، آپ کی والدۂ گرامی جناب سمانہ خاتون ہیں جو حضرت عمار یاسر کی نسل سے تعلق رکھتی تھیں آپ کے متعلق علماء کا کہنا ہے کہ محترمہ بے حد متقی پرہیزگار اور نہایت حسین و جمیل تھیں (جنات الخلود، ص ۳۶ و سرور الفضواد، ص ۱۱۴ و دوائر المعارف، ص ۳۸ طبع بغداد)

**آپ کا نام کنیت اور لقب:** آپ کا اسم گرامی آپ کے پردادا امام موسیٰ کاظمؑ کے نام پر موسیٰ رکھا گیا کنیت آپ کی ابو احمد ہے اور لقب مبارک میں سید، زکی، طاہر اور ولی وغیرہ کو شمار کیا جا سکتا ہے البتہ شہرت عامہ مبرقع کو حاصل ہے علامہ سید مرتضیٰ حسینی ہندی تحریر فرماتے ہیں کہ " والمبرقع لقب موسیٰ بن محمد بن علی بن موسیٰ الکاظم علیہم السلام " مبرقع جناب موسیٰ ابن امام محمد تقی ابن علی رضا ابن موسیٰ کاظم علیہم السلام کا لقب ہے (تاج العروس جلد ۵، ص ۲۷۴ طبع مصر ۱۳۰۶ھ) یہی کچھ مرحوم ناصر الشریعہ نے مرقوم فرمایا ہے ان کی عبارت کا متن اس طرح سے ہے " موسیٰ پسر امام محمد تقی علیہ السلام کہ معروف است بہ موسای مبرقع " (تاریخ قم، ص ۱۱۶ مطبوعہ ایران)

**لقب مبرقع کی وجہ تسمیہ:** یوں تو آئمہ طاہرین علیہم السلام کی سبھی اولادیں نہایت زیبا خوبرو، صبیح المنظر اور کمال باطنی کے ساتھ جمال ظاہری سے بھی متصف و آراستہ تھیں لیکن خاص طور پر ان میں بعض شخصیتیں ایسی تھیں جن کے کمال حسن کا جواب ہی نہ تھا مثلاً اولاد امام حسنؑ میں جناب قاسم اولاد امام حسینؑ میں جناب علی اکبرؑ اور اولاد امام زین العابدین میں عبد اللہ باہر وغیرہ چنانچہ جب ذریت امام محمد تقی ؑ میں جناب موسیٰ مبرقع کو دیکھا جاتا ہے تو آپ بھی اپنے گزشتگان کی ہو بہو تصویر نظر آتے ہیں مؤرخین نے آپ کے احوال میں لکھا ہے کہ آنجناب نہایت خوبرو، خوبصورت، خوش شکل اور اعلیٰ درجہ کے حسین و جمیل تھے آپ کے روئے تاباں میں بلا کی صباحت و ملاحت اور غضب کی جاذبیت تھی جو بھی آپ کے چہرۂ انور کو دیکھتا دیکھتا ہی رہ جاتا، آپ کے جمال باکمال سے کسی کو سیری ہی نہیں ہو پاتی تھی، اسی لئے لوگوں میں آپ یوسف عصر کہلانے لگے اور جب نوبت یہاں تک پہنچی کہ جس کوچہ و بازار سے آپ گزرتے تو زن و مرد پیر و جوان صغیر و کبیر اپنے مشاغل کو ترک کر کے آپ کے رخ نورانی کے دیدار میں یکسر محو ہونے لگے اور ان کو اپنے عواقب و انجام کی پرواہ نہ رہی تو آپ اپنے روئے منور پر نقاب ڈال کر چلنے لگے تا کہ عوام الناس کی نظریں آپ پر نہ پڑیں اور وہ اپنے امور کو حسب دستور جاری رکھ سکیں نیز آپ نظر بد سے محفوظ رہیں، علامہ خراسانی وغیرہ فرماتے ہیں کہ انہیں تمام وجوہات کی بنا پر آپ مبرقع کے لقب سے ملقب و مشہور ہو گئے ملاحظہ کیجئے، (منتخب التواریخ وجدی فروزاں، ص ۵۲ و کشف الکواکب جلد اول، ص ۴۹۷ و مستدرک عوالم العلوم جلد ۲۳، ص ۵۵۳ و ستارۂ درخشان آسمان ولایت، ص ۱۷ طبع ایران)

واضح رہے کہ نواب صدیق حسن خان رئیس بھوپال نے اپنی کتاب الفرع النامی من الاصل السامی، ص ۳۵ طبع بھوپال ۱۳۰۱ھ میں مبرقع کے بجائے مرقع تحریر فرمایا ہے جو درست نہیں ہے۔

**آپ کی ولادت باسعادت اور نشو ونما:** تواریخ کا بیان ہے کہ امام محمد تقی ؑ کے دولتسرا میں ابھی آپ کے نور نظر و لخت جگر جناب امام علی نقی ؑ کی ولادت کو کچھ عرصہ گزرا ہوگا کہ ایک بار پھر سمانہ خاتون کے نخل تمنا میں بہار آئی اور مبدء فیاض و قادر متعال نے حضرت کو ایک پاکیزہ نیک سیرت اور خوبرو خوش منظر فرزند عنایت کیا امام علیہ السلام نے اپنے دادا امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کے نام نامی پر آپ کا نام موسیٰ رکھا جو بعد میں موسیٰ مبرقع کے نام سے مشہور ہوئے، موسیٰ مبرقع نے عصمت کی آغوش میں آنکھ کھولی اور ولایت و امامت کی نورانی فضاؤں میں تربیت پائی بچپن نہایت ناز و نعم اور ادب و تہذیب اسلامی سے آگندہ ماحول میں پروان چڑھا یہی وجہ تھی کہ آپ ابتدا سے ہی لہو لعب سے دور اور بری عادتوں سے کنارہ کش تھے آپ کی طبیعت میں دین و دینیات کا میلان اور مذہبی امور کی انجام دہی کا جذبہ بیدار تھا، جناب موسیٰ مبرقع رحمۃ اللہ علیہ بتاریخ ۱۰ رجب المرجب ۲۱۷ھ کو مدینہ منورہ میں بطن سمانہ خاتون یاسری سے متولد ہوئے (شجرۂ سادات کراری، ص ۳ طبع لکھنؤ ۱۹۲۷ء)

**والدئہ گرامی قدر سے مشابہت:** امام المورخین علامہ مسعودی متوفیٰ ۳۴۵ھ اور محدث بزگوار حسین بن عبد الوہاب تحریر فرماتے ہیں کہ جس وقت امام محمد تقی ؑ نے مدینہ سے عراق روانہ ہونے کا قصد فرمایا تو آپ نے یہ کیا کہ نور نظر امام علی نقی ؑ کو زانو پر بٹھا کر ان کی امامت و جانشینی کی تصریح فرمائی پھر ان کو مخاطب کر کے پوچھا بیٹا عراقی تحائف میں سے کس چیز کو دوست رکھتے ہو آپ نے جواب میں فرمایا ایک ایسی تلوار چاہتا ہوں جو مثل شعلۂ آتش ہو پھر موسیٰ مبرقع کی طرف رخ کر کے فرمایا نور نظر تم کو کیا پسند ہے فوراً کہا گھر کے لئے فرش یہ منظر دیکھ کر امام محمد تقی ؑ نے ارشاد فرمایا " ابو الحسن اشبھنی و ھذا اشبہ بامہ " ابو الحسن مجھ سے اور موسیٰ اپنی ماں سے شباہت رکھتا ہے (اثبات الوصیہ، ص ۱۸۷ طبع نجف اشرف و عیون المعجزات، ص ۱۱۹ مطبوعہ عراق ۱۹۵۰ء) واضح ہو کہ اس موقع پر جناب موسیٰ مبرقع کی عمر مبارک ۷ سال کی تھی۔

**عہد طفلی میں منصب تولیت کا شرف:** حضرت امام محمد تقی ؑ جو علم امامت سے دینی و شرعی امور کے علاوہ ذاتی و خانگی ذمہ داریوں سے بھی بخوبی واقف تھے اپنی زندگی کے آخری دنوں اور حیات موسیٰ مبرقع کے ابتدائی ایام میں بعض گھریلو مسائل سے متعلق ایک اہم وصیت نامہ مرتب فرماتے ہیں، آپ نے اپنے وصیت نامہ میں اپنی جائیداد، اوقاف اور صدقات کا متولی و جانشین نیز اپنی بیٹیوں کا نگراں امام علی نقی ؑ ہی کی طرح سے نور چشم موسیٰ مبرقع کو بنایا ہے اور امام علی نقیؑ کی حیات ظاہری کے بعد بھی جناب موسیٰ کو تولیت کے عظیم منصب پر فائز قرار دیا ہے۔



**آپ کا ایمان و عقیدہ:** علامۂ دوراں حضرت شیخ مفید علیہ الرحمہ متوفیٰ ۴۱۳ھ اپنی کتاب الاختصاص، ص ۸۸ طبع ایران میں تحریر فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ جب جناب موسیٰ مبرقع علیہ الرحمہ مسائل علمی پوچھنے کے لئے امام علی نقی ؑ کی بارگاہ اقدس میں شرفیاب ہوئے تو قبل اس کے کہ آپ مسائل شروع کرتے فرماتے ہیں" جعلت فداک "یعنی برادرم میری جان آپ پر قربان ہو جائے قارئین محترم جناب موسیٰ مبرقع کے اس مختصر فقرہ کو اگر سرسری نگاہ سے نہ دیکھا جائے اور اس کی معنویت و اخلاص پر غور و خوض کر لیا جائے تو اسی ایک مختصر جملے سے عیاں ہو جاتا ہے کہ موسیٰ مبرقعؒ کی نظر میں امام علی نقی ؑ کی کیا عظمت و منزلت تھی، حقیقت یہ ہے کہ اس مقولہ نے آپ کے عقیدۂ امامت کے راسخ القلب اور ایمان ولایت کے کامل مستحکم ہونے پر مہر تصدیق ثبت کر دی ہے۔

**آپ کی وثاقت و عدالت:** جاننا چاہئے کہ علماء فقہا اور محدثین کی ایک عظیم جماعت نے جناب موسیٰ مبرقعؒ کی عدالت دیانت اور ثقہ ہونے کا اعتراف کیا ہے اور احکام شریعت میں میراث خنثیٰ و دیگر مطالب کے ابواب میں آپ سے روایات و احادیث کو نقل فرمایا ہے مثلاً ثقۃ الاسلام کلینی، شیخ طوسی، شیخ حر عاملی، علامہ مجلسی اور محدث نوری وغیرہم، سید مصطفیٰ برقعی مرحوم کے عیون الفاظ اس طرح ہیں " جماعتی از بزرگان علمائے شیعہ بعدالت و وثاقت و دیانت حضرت موسیٰ مبرقع اعتراف و اذعان کردہ اند و در باب میراث خنثیٰ و مطالب دیگر از او نقل روایات کردہ اند " ۔(ستارۂ درخشان ولایت)

**آپ سے روایت کرنے والے:** جناب موسیٰ مبرقع سے براہ راست روایت کرنے والے حسن بن علی بن کیسان ہیں، علی بن کیسان سے عبد اللہ بن جعفر اور عبد اللہ بن جعفر سے شیخ جلیل محمد بن یحییٰ العطار القمی نے میراث خنثیٰ کے باب میں کتاب تہذیب الاحکام و کافی میں روایت کی ہے، جناب مبرقع سے روایت کرنے والے مذکورہ راوی ایسے ہیں جنہوں نے کبھی بھی ضعفاء اور غیر ثقہ افراد سے روایت نہیں کی ہے (جدی فروزاں، ص ۲۱۳) یہ اس بات کی بین دلیل ہے کہ ان میں سے ہر ایک ذاتی طور پر موسیٰ مبرقع کی وثاقت و عدالت کا عقیدہ رکھتے تھے اور آپ کی روایتوں پر بھروسہ فرماتے تھے کیوں کہ اگر وہ لوگ آپ کو موثق و معتمد علیہ نہ سمجھتے ہوتے تو یقیناً آپ سے روایتوں کو نقل نہ کرتے۔

**آپ کی مدینہ سے قم ہجرت:** جناب موسیٰ مبرقع مدینہ میں پیدا ہو کر پلے بڑھے اور حد کمال کو پہنچے بالآخر ۳۸ سال کی عمر میں ۲۵۵ھ میں کوفہ آئے پھر وہاں سے قم منتقل ہو گئے، جب آپ قم تشریف لائے تو وہاں کے رؤسا نے آپ کے مستقل قیام کی مخالفت کی بہر حال آپ قم چھوڑ کر وہاں سے کاشان پہنچے، آپ کی نسلی عظمت اور تبلیغی سرگرمیوں کی شہرت کی وجہ سے وہاں کے باشندوں نے آپ کی بڑی آو بھگت کی۔ تاریخ کا بیان ہے کہ اہل کاشان آپ کے قیام کرنے سے بڑے خوش تھے اور آپ کے قیام کو سارے کاشان کی خوش قسمتی سمجھتے تھے لیکن اسی دوران میں جب قم والوں کو ہوش آیا اور انکے بعض معزز حضرات جو کہ باہر گئے ہوئے تھے، جیسے ابو الصید بن حسین وغیرہم جب قم پہنچے اور انہیں حادثہ اخراج کا علم ہوا تو وہ بے حد شرمندہ ہوئے اور ان لوگوں کی سخت مذمت کی جن کا ان کے اخراج میں ہاتھ تھا پھر ان معززین اور عرب کے رؤسا نے آپ کو واپس لانے کے لئے ایک جمعیت بھیجی جسنے عذر و معذرت کے بعد آپ کو قم واپس تشریف لانے پر آمادہ کر لیا چنانچہ آپ نہایت عزت و احترام کے ساتھ قم تشریف لائے ان حضرات نے آپ کے لئے ایک شان دار مکان اور بہت سی ضروری چیزیں خریدیں اور جائداد میں ان کو وافر حصہ دیا اور ۲۰ ہزار درہم سے نقد خدمت کی ملاحظہ کیجئے (سفینۃ البحار و منتہیٰ الآمال وغیرہ)۔

**آپ کے کشف و کرامات:** ۔ا سید مصطفیٰ برقعی مرحوم رقم طراز ہیں کہ ایک بار ایک ولئ خدا نے خواب میں حضرت امام علی رضاؑ کو دیکھا جو ان سے قم والوں کی شکایت کرتے ہیں اور یہ فرماتے ہیں کہ لوگوں سے کہو کہ وہ میرے پوتے موسیٰ مبرقع کی زیارت کو کیوں نہیں جاتے (ستارۂ درخشان آسمان ولایت، ص ۲۴) جناب مبرقع کی اس سے بڑھ کر اور کیا عظمت ہوگی کہ خود امام معصومؑ آپ کی زیارت کی طرف توجہ و رغبت دلا رہے ہیں حقیقت میں امام علیہ السلام کی یہ تاکید کج فہموں اور کور باطنوں کے لئے ایک تازیانۂ عبرت سے کم نہیں۔

۔۲ نیز تحریر فرماتے ہیں کہ ایک مصنف نے جو کسی سید رضوی سے کچھ حساب و کتاب رکھتا تھا ایک کتاب لکھی جس میں جہاں بھی جناب موسیٰ مبرقع کا نام نامی و اسم گرامی آیا ہے تنقید کی ہے اس نے اپنے اس فعل قبیح سے آخر عمر میں توبہ کی اور ایک دوسری کتاب لکھ کر اپنی لاطائل اور فضول باتوں کی تردید کی اس کے باوجود وہ ایک ایسے جان لیوا مرض میں مبتلا ہوا جس سے گلو خلاصی ممکن نہ ہوئی۔

۔۳ عصر حاضر کے ایک شخص نے ایک کتابچہ تحریر کیا جس میں جناب موسیٰ مبرقع علیہ الرحمہ کی شخصیت کو مجروح کرنے کے لئے شراب نوشی کی آپ کی طرف نسبت دی جس کا نتیجہ یہ ظاہر ہوا کہ ایک گاڑی سے اس کا ایکسیڈنٹ ہو گیا اور وہ مدتوں ہسپتال میں زیر علاج رہا ایک روز اس کے ایک صمیمی دوست نے مجھ سے ملاقات کے دوران کہا " چقدر زود انتقام خود را دید و اثر و ضعی دشمنئی اہلبیت ظاہر گردید " کس قدر جلد اپنے کیئے کا بدلہ دیکھا اور اہلبیتؑ دشمنی کا وضعی اثر ظاہر ہو گیا، ہم کو چاہئے کہ جا کر اس سے کہیں کہ توبہ کر لے اور خاندان رسالت ﷺ سے عداوت کرنا چھوڑ دے (ستارۂ درخشان آسمان ولایت، ص ۸۶، ۸۷ طبع قم ایران)

**آپ کی وفات حسرت آیات:** افسوس صد افسوس کہ آپ ۸۰ سال سے زائد زندگی کے ایام گزار کر شب چہار شنبہ بتاریخ ۸ ربیع الثانی ۲۹۶ھ اس دار فانی سے عالم جاودانی کی طرف کوچ فرما گئے۔ حضرت علامہ مجلسی علیہ الرحمہ کے عیون الفاظ اس طرح ہیں " توفی لیلۃ الاربعاء ثامن ربیع الآخر ۲۹۶ھ " (بحار الانوار جلد ۱۲) یہی کچھ علامہ نوری طبرسی مرحوم نے بدر مشعشع، ص ۴ اور بلغۃ المجاور، ص ۳۲۸ طبع ایران ۱۳۲۷ھ میں تحریر فرمایا ہے۔

**آپ کی نماز جنازہ:** جناب سید موسیٰ مبرقعؒ کے انتقال کے بعد ان کی نماز جنازہ اس وقت کے حاکم و امیر جناب عباس بن عمرو غنوی نے پڑھائی تھی (تاریخ قم، ص ۲۱۶ و سفینۃ البحار جلد ۲، ص ۶۵۳)۔

**آپ کا روضئہ مبارک و مطہر:** جناب موسیٰ مبرقع ابن امام محمد تقی علیہ السلام کو اسی مکان میں جہاں آپ رہتے تھے دفن کیا گیا، ایک روایت کی بنا پر اسی جگہ محمد بن حسن ملقب بہ شنبولہ کا مکان تھا (منتہیٰ الآمال و گنجینۂ دانش مندان وغیرہ) فاضل کشمیری رقم طراز ہیں کہ جناب موسیٰ مبرقع کا روضہ مطہر شہر قم سے ایک میل کے فاصلہ پر واقع ہے، قبر مطہر پر ایک بڑا عالیشان گنبد سایہ فگن ہے جسے زائر چند میل کی دوری سے دیکھ سکتا ہے لوگ یہاں حوائج کی صورت میں آتے ہیں اور مرادوں کی شکل میں واپس جاتے ہیں (حاشیہ بدر مشعشع عربی، ص ۹۷ طبع نجف اشرف ۱۳۷۲ء) آج کل قم میں جہاں آپ کا روضہ بنا ہوا ہے اسے چہل اختران کہتے ہیں۔

**ایک شبہ کا ازالہ:** کتاب جدی فروزاں کے فاضل مصنف عباس بن محمد فیض قمی نے اپنی کتاب کے صفحہ ۶۴ طبع ایران پر ایک بڑی افسوسناک اور حیرت انگیز بات تحریر کی ہے، وہ لکھتے ہیں" موسیٰ مبرقع بہ قم نیامدہ و در کوفہ از دنیا رفتہ است " جناب موسیٰ مبرقع علیہ الرحمہ قم تشریف نہیں لے گئے تھے بلکہ کوفہ میں ہی رحلت فرمائی ہے۔ راقم الحروف کہتا ہے کہ جب کہ سارے علماء مؤرخین اور علمائے انساب جناب مبرقع کی قم تشریف آوری و رحلت پر متفق ہیں تو فرد واحد کے انکار سے مسئلہ کی صحت پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔

**آپ کی ازواج و اولاد:** جناب موسیٰ مبرقع علیہ الرحمہ کی ازواج میں ایک زوجہ بریہہ ام الولد کا کتب تواریخ میں سراغ ملتا ہے جو مقبرۂ چہل اختران قم میں مدفون و مقبور ہیں (مختار البلاد، ص ۱۲۲ طبع قم) علماء محققین نیز آئمہ انساب کا اس بات پر اتفاق ہے کہ جناب مبرقع کی اولاد امجاد میں دو لڑکے اور ۴ لڑکیاں تھیں جن کے نام یہ ہیں، سید ابو المکارم احمد و سید محمد، فاطمہ، زینب، میمونہ اور بریہہ ملاحظہ کیجئے (عمدۃ الطالب، ص ۲۰۱ و تحفۃ العالم جلد ۲، ص ۶۴ و اعیان الشیعہ جلد ۴۹، ص ۹۰، سر السلسلۃ علویہ، ص ۴۰ و تاریخ قم ص ۱۲۲)۔

**سلسلئہ سادات رضویہ تقویہ:** واضح ہو کہ دنیا بھر کے سادات رضوی تقوی ابوالفتحی، برقعی اور شریفی کا سلسلۂ نسب جناب موسیٰ مبرقع ؒ کے توسط سے حضرت امام محمد تقی ابن حضرت امام علی رضا علیہم السلام تک منتہی ہوتا ہے اور آپ ہی ان کے جد اعلیٰ ہیں تمام علماء انساب متفق ہیں کہ سید ابو المکارم احمد بن موسیٰ مبرقع کے فرزند سید محمد اعرج تھے اور محمد اعرج کے فرزند سید احمد نقیب قم تھے جن کی وجہ سے سید موسیٰ مبرقعؒ کی نسل پھلی پھولی اور آج تک جاری و ساری ہے، حضرت علامہ سید قاضی نور اللہ شوشتری شہید ثالث علیہ الرحمہ متوفیٰ ۱۰۱۹ھ رقم طراز ہیں " نسب سادات عظام رضویہ مشہد مقدس منورہ و سادات رضویہ قم مجموع با بی عبد اللہ احمد نقیب قم ابن محمد اعرج ابن احمد بن موسیٰ المبرقع بن الامام محمد تقی علیہ السلام منتھی می شود "مشہد مقدس (خراسان) اور شہر قم کے جملہ سادات رضوی کا شجرۂ نسب ابو عبد اللہ احمد نقیب قم ابن محمد اعرج بن احمد بن موسیٰ مبرقع ابن امام محمد تقی علیہ السلام (ابن امام علی رضا علیہ السلام) کے نام نامی و اسم گرامی تک پہنچتا ہے (مجالس المومنین، ص ۶۴ طبع ایران ۱۲۹۹ھ)۔

*********

# ایران نے امریکہ کی روایتی عسکری برتری آبنائے ہرمز میں غرق کر دیا

ڈاکٹر شجاعت حسین



جنگ میں فتحیابی کے لیے واضح سیاسی مقاصد، معاشی استحکام، ذہانت کے غلبے، اسلحہ، ہمت، استقامت اور حکمت عملی کے موافقت کے ساتھ ایک عظیم حکمت عملی میں ماسٹری کی ضرورت ہوتی ہے۔ تاریخی طور پر، جیسا کہ سن زو سے لے کر کارل وان کلازوٹز تک فوجی حکمت عملیوں نے نوٹ کیا ہے، جنگ میں اعلیٰ فضیلت صرف وحشیانہ طاقت کے استعمال جیسے عام انسانوں کے قتل، بچے اور بچیوں کے اسکولوں پر بمباری، اسپتالوں کی مسماری، بنیادی سہولیات کی تباہی کے بارے میں نہیں ہے، بلکہ دشمن کی مزاحمت کو توڑنے، دیرپا امن کو حاصل کرنے اور اہداف و مقاصد کے عبور کرنے کے بارے میں ہے۔

پوری تاریخ میں، کامیاب فوجی مہمات پانچ بنیادی ستونوں پر انحصار کرتی ہیں: 1۔ واضح، قابل حصول سیاسی مقصد کی وضاحت کریں جنگ سیاسی نتیجہ حاصل کرنے کا ایک ذریعہ ہے۔ بغیر کسی واضح مقصد کے چاہے وہ علاقے کا دفاع ہو، حکومت کی تبدیلی پر مجبور ہو، یا زمین پر دوبارہ دعویٰ کرنا ہو، فوجی لامتناہی، ناقابل شکست تنازعہ میں داخل ہونے کا خطرہ ہے۔

2۔ دشمن کی حکمت عملی پر حملہ کریں، ان کی طاقت پر نہیں جیسا کہ سن زو نے مشہور طور پر دی آرٹ آف وار میں لکھا ہے، جنگ کی اعلیٰ ترین شکل دشمن کے منصوبوں کو ناکام بنانا ہے اور ان کے اتحاد میں خلل ڈالنا ہے بجائے اس کے کہ لڑائی لڑیں۔ دشمن کی آبادی۔ دھوکہ دہی اور رفتار: دشمن کو مغلوب کرنے کے لیے دغابازی، غلط معلومات اور اچانک ہتھکنڈوں کا استعمال کریں اس سے پہلے کہ وہ موثر دفاع کر سکے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرح جھوٹے دعوے سے کچھ بھی حاصل نہیں ہوتا۔

3۔ مکمل لاجسٹک اور اقتصادی برتری کو برقرار رکھیں شوقیہ مطالعہ کی حکمت عملی؛ پیشہ ور لاجسٹکس کا مطالعہ کرتے ہیں۔ طویل المدتی کوششوں کو برقرار رکھنے کے لیے ملکی صلاحیت کے بغیر فوج جیت نہیں سکتی۔ سپلائی لائنز کو محفوظ بنائیں: اگلی صفوں میں ایندھن، خوراک، گولہ بارود اور طبی سامان کی مسلسل روانی کو یقینی بنائیں۔ اقتصادی لچک: مضبوط مینوفیکچرنگ بیس اور مالیاتی نظام کو برقرار رکھیں جو جدید ٹیکنالوجی جیسے گائیڈڈ گولہ بارود، وارڈ رو سسٹم، وار بر سسٹم، معلومات اور ذہانت پر غلبہ حاصل کریں تباہ کن غلط حسابات سے بچنے کے لیے اپنے آپ کو اور اپنے دشمن کو جاننا ضروری ہے۔ دشمن کی حرکات اور اندرونی کمزوریوں کا پتہ لگانے کے لیے سیٹلائٹ جاسوسی، سائبر جاسوسی، سگنلز انٹیلی جنس اور مقامی انسانی اثاثوں کے امتزاج کا استعمال کریں۔

5۔ جنگ کے بعد امن جیتنا فوجی فتح بے معنی ہے اگر یہ ایک مستقل شورش کا باعث بنے۔ حقیقی فتح کے لیے شہری آبادی کے "دل اور دماغ" جیتنے، مستحکم حکمرانی قائم کرنے، اور بنیادی ڈھانچے کی تعمیر نو کی ضرورت ہوتی ہے تا کہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ تنازع دوبارہ شروع نہ ہو۔

امریکہ و اسرائیل اور ایران جنگ کا مطالعہ و تجزیہ کریں تو امریکہ مندرجہ بالا نظریے سے مکمل طور پر ناکام رہا ہے بلکہ ہر لحاظ سے ایران نے سبقت و برتری حاصل کر لی ہے۔

امریکہ اور ایران جنگ کے بارے میں خیال کیا جا رہا تھا کہ ایران اسے چند دنوں، اگر گھنٹوں میں نہیں، ہار جائے گا، وہ اب سات ماہ سے زیادہ عرصے تک جاری رہ چکی ہے اور امریکہ کو اربوں ڈالر کا نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے۔ درست رقم سینکڑوں ارب ڈالر ہے۔ پینٹاگون کی ایک رپورٹ اور خطے میں موجود امریکی اڈوں پر تباہ شدہ سامان کی سامنے آنے والی حیران کن نئی تصاویر اب ایک ایسی کہانی بیان کر رہی ہیں جسے سرکاری بیانات نے اب تک چھپا رکھا تھا۔

پہلی نظر کی جائزہ رپورٹ کے مطابق، اب تک امریکہ کی لاگت سینکڑوں ارب ڈالر ہو چکی تھی۔ اس میں استعمال کیے گئے ہتھیاروں اور گولہ بارود، اضافی آپریشنل اخراجات اور آلات کے نقصان کی مد میں شامل ہیں۔

ان نقصانات میں درجنوں طیارے اور ڈرون بھی شامل ہیں۔ ان میں سے بعض کے ملبے کی تصاویر CBS News نے نامعلوم فیلڈ اہلکاروں سے حاصل کی ہیں۔ یہ تصاویر ظاہر کرتی ہیں کہ ایران کی جانب سے میزائلوں اور ڈرونز کی مہم نے مغربی ایشیا میں امریکی افواج کو سرکاری طور پر تسلیم کیے جانے سے کہیں زیادہ نقصان پہنچایا ہے۔ اور مسلسل نقصانات کا سامنا ہے۔

مضحکہ خیز بات یہ ہے کہ اس کے باوجود واشنگٹن کا مؤقف برقرار ہے کہ اس نے ایران کی فوجی صلاحیت کو بری طرح تباہ کر دیا ہے اور امریکہ کے پاس اب بھی جنگ جاری رکھنے کی صلاحیت موجود ہے۔

انسپکٹر جنرل کی رپورٹ میں خود کہا گیا ہے کہ ایرانی حملوں کے نتیجے میں کویت، بحرین، قطر، متحدہ عرب امارات، سعودی عرب، عراق، عمان اور اردن میں موجود امریکی تنصیبات پر سینکڑوں عمارتوں اور دیگر ڈھانچوں کو نقصان پہنچا یا وہ تباہ ہو گئے۔ ان تنصیبات کی مرمت کے اخراجات اس رپورٹ میں شامل نہیں ہیں، کیونکہ پینٹاگون نے ابھی تک یہ فیصلہ نہیں کیا کہ کیا کچھ دوبارہ تعمیر کیا جائے گا، کہاں تعمیر کیا جائے گا، یا ان اخراجات کو میزبان ممالک کے ساتھ کس طرح تقسیم کیا جائے گا۔

سعودی عرب کے پرنس سلطان ایئر بیس پر موجود ایک Sentry Boeing E-3 طیارہ بھی بری طرح متاثر دکھائی دیتا ہے، جس کی دُم بظاہر ایک حملے میں الگ ہو گئی۔

ایک فوجی اہلکار نے اس نیٹ ورک کو بتایا،" یہ ہمارے اڈوں کو پہنچنے والا بہت بڑا نقصان ہے، جس کے بارے میں امریکی عوام کو نہیں بتایا گیا۔" ایک دوسرے اہلکار نے پینٹاگون کی اس اصطلاح کا حوالہ دیتے ہوئے، جس میں دفاعی نظام کو عبور کرنے والے میزائلوں کو "سکوئرٹرز (squirters)" کہا گیا ہے، کہا: "ہم وہاں کھڑے ہیں، آنکھیں بند کیے ہوئے، اور ہمارے چہرے پر گھونسے برسائے جا رہے ہیں۔"

ایران کی جانب سے امریکہ کو شدید نقصان پہنچانے کے انکشاف نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور وزیرِ دفاع پیٹ ہیگستھ کی جنگ کے ابتدائی دنوں کی یقین دہانیوں پر سوالات اٹھائے ہیں۔ ان دونوں کی جانب سے کہا گیا تھا کہ امریکہ نے ایران کو شکست دے کر جھکنے پر مجبور کر دیا ہے اور ہتھیاروں اور گولہ بارود کی کوئی کمی نہیں ہے، جیسا کہ میڈیا میں بھی رپورٹ کیا گیا تھا۔

ہیگستھ نے مارچ میں کہا تھا، "ہمارے دفاعی اور جارحانہ ہتھیاروں کے ذخائر ہمیں اس مہم کو جتنے عرصے تک ضرورت ہو، جاری رکھنے کی اجازت دیتے ہیں۔" انہوں نے مزید کہا تھا کہ اگر ایران یہ سمجھتا ہے کہ امریکہ یہ جنگ جاری رکھنے کی صلاحیت نہیں رکھتا تو وہ "بہت بڑی غلط اندازہ کاری" کر رہا ہے۔

جولائی تک، ہیگستھ کانگریس سے مزید 67 ارب ڈالر کی اضافی فنڈنگ کا مطالبہ کر رہے تھے اور خبردار کر رہے تھے کہ اضافی رقم کے بغیر پینٹاگون کو "اہم کمی کا سامنا ہو سکتا ہے"، جس سے فوجیوں کی تنخواہیں ادا کرنے، آلات اور گولہ بارود دوبارہ فراہم کرنے اور دنیا بھر میں فوجی کارروائیاں جاری رکھنے کی اس کی صلاحیت متاثر ہو سکتی ہے۔

رپورٹ میں ٹھوس ایندھن والے راکٹ موٹرز، اعلیٰ معیار کے دھماکا خیز مواد، پروپیلنٹس اور ماہر مینوفیکچرنگ افرادی قوت کو اہم رکاوٹوں کے طور پر شناخت کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق امریکی دفاعی صنعتی شعبے کو پیداوار بڑھانے کے لیے "خاصا وقت" درکار ہے۔

دوسری جانب، جنگ کے ساتویں مہینے میں داخل ہونے کے باوجود امریکہ کی توجہ دوسری سمتوں میں بھی بٹ رہی ہے۔ وائٹ ہاؤس اب نومبر کے وسط مدتی انتخابات کے بعد جنگ ختم کرنے کی بات کر رہا ہے۔ دوسری طرف کانگریس میں بھی جنگ جاری رکھنے کو چیلنج کیا جا رہا ہے

اور پھر یمن کا معاملہ ہے، جہاں ایران کے حوثی اتحادیوں نے اسٹریٹجک بندرگاہ موچا (Mocha) پر قبضہ کر لیا ہے اور باب المندب کی جانب پیش قدمی کی ہے۔ اس سے آبنائے ہرمز کے بعد ایک دوسری اہم بحری گزرگاہ کو خطرہ لاحق ہو گیا ہے۔

واشنگٹن کے خلیجی اتحادیوں کے لیے اس صورتِ حال نے ایک پریشان کن اسٹریٹجک سوال پیدا کر دیا ہے: اگر سات ماہ کی امریکی فوجی طاقت ایران کو آبنائے ہرمز میں اپنی مزاحمت جاری رکھنے سے نہیں روک سکی، اور نہ ہی اس کے حوثی اتحادیوں کو باب المندب میں پیش قدمی سے روک پائی، تو امریکی سکیورٹی چھتری کتنی دیرپا ہے؟

اب جو تصویر سامنے آ رہی ہے، اس کے مطابق امریکی فوجی کو شکست کا سامنا ہے۔ یہ ذلت آمیز شکست ہے۔ ایران کی دفاعی صلاحیتوں کا تمام دنیا نے واضح طور پر اعتراف کر لیا ہے۔

خود امریکہ اربوں ڈالر کے نقصانات برداشت کر رہی ہے، قیمتی گولہ بارود استعمال کر رہی ہے اور اس اسٹریٹجک صلاحیت کو دوبارہ بحال کرنے میں مشکلات کا سامنا کر رہی ہے جس کی بڑی طاقتوں کے درمیان مسابقت کے لیے ضرورت ہوتی ہے۔

ایوانِ نمائندگان نے ایک بار پھر جنگ ختم کرنے کے حق میں ووٹ دیا ہے۔ تیسری مرتبہ امریکی ایوانِ نمائندگان نے ایران میں جاری جنگ ختم کرنے کے حق میں ووٹ دیا ہے۔ ایوان نے ایک منظور کی ہے، جس کے تحت صدر ٹرمپ کی کانگریس کی منظوری کے بغیر مزید فوجی کارروائی جاری رکھنے کی صلاحیت ختم ہو جائے گی۔

امریکہ کے خلاف موجودہ کشیدگی اور جنگی صورتحال میں ایران کو اسٹریٹجک، معاشی اور جغرافیائی لحاظ سے کچھ نمایاں برتری حاصل رہی ہے، جس نے امریکی افواج اور معیشت کو شدید دباؤ میں ڈالا ہے۔

ایران کے ساتھ جاری کشیدگی اور طویل فوجی محاذ آرائی نے مشرقِ وسطیٰ میں امریکہ کی روایتی عسکری برتری اور سفارتی وقار کو شدید دھچکا پہنچایا ہے، جہاں آبنائے ہرمز پر مکمل کنٹرول حاصل کرنے کے دعوے اور ابتدائی جنگی کامیابیوں کے باوجود واشنگٹن کو بالآخر ثالثوں کی وساطت سے عارضی جنگ بندی اور مذاکرات کی طرف لوٹنا پڑا۔ سفارت کاری اور خیالی وقار کو پہنچنے والے نقصانات کی بھرپائی اور بحران کا سامنا ہے۔ عسکری اہداف کا محدود نفاذ: امریکہ ایران کے عسکری ڈھانچے کو مکمل تباہ کرنے اور آبنائے ہرمز کو بغیر کسی شرط کے کھولنے کے ابتدائی دعوے کرنے میں ناکام رہا۔ عالمی تجارت اور تیل کی سپلائی کا متاثر ہونا: آبنائے ہرمز میں جاری تنازع اور بحری جہازوں کی نقل و حمل میں تعطل نے عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں کو غیر مستحکم کیا۔ ثالثی کا کردار: امریکہ کو اپنی براہِ راست طاقت کے بجائے پاکستان، قطر اور عمان جیسے علاقائی ممالک کی سفارتی کوششوں اور ثالثی پر انحصار کرنا پڑا۔ حکومتی تضاد: امریکی قیادت کی طرف سے کبھی جنگ ختم کرنے کے دعوے اور کبھی دوبارہ بمباری کی دھمکیوں نے بین الاقوامی سطح پر امریکی پالیسی کے تضاد کو ظاہر کیا۔

یہ فرعون اور یزید جیسے کرداروں کے لیے عبرت ہے کہ جھوٹ، فریب، غرور اور عسکری طاقت سے جنگ نہیں جیتی جا سکتی۔

7060888223

# مغربی بنگال میں 37 لاکھ سے زائد ووٹر اپیلیں زیر التوا

## ایس آئی آر کے بعد انتخابی فہرست پر سپریم کورٹ میں سماعت

نئی دہلی : مغربی بنگال میں ووٹر لسٹ کی خصوصی جامع نظرثانی یعنی (ایس آئی آر) کے بعد انتخابی فہرست میں نام حذف یا شامل کیے جانے سے متعلق 37 لاکھ سے زائد اپیلیں اب بھی زیر التوا ہیں۔ الیکشن کمیشن نے سپریم کورٹ میں داخل اپنے جواب میں یہ اعداد و شمار پیش کیے ہیں۔ الیکشن کمیشن کے مطابق ایس آئی آر سے متعلق فیصلوں کے خلاف مجموعی طور پر 38,20,683 اپیلیں دائر کی گئیں ، جن میں سے اب تک صرف 1,02,231 اپیلوں کا فیصلہ کیا گیا ہے ، جبکہ 37,18,452 اپیلیں زیر التوا ہیں۔ یہ معاملہ سپریم کورٹ میں مغربی بنگال کانگریس کی ایس آئی آر کمیٹی کے چیئرمین پرسن جیت بوس کی جانب سے دائر درخواست کے سلسلے میں سامنے آیا ہے۔ درخواست میں انتخابی حلقہ وار تفصیلات فراہم کرنے کا مطالبہ کیا گیا تھا، خصوصاً ان ووٹروں کے دعووں اور اعتراضات سے متعلق جن کے نام ایس آئی آر کے دوران انتخابی فہرست سے خارج کیے گئے تھے۔ 17 جولائی کو چیف جسٹس آف انڈیا سوریا کانت، جسٹس جوی مالیا باگچی اور جسٹس وی موہنا پر مشتمل بنچ نے معاملے کی سماعت کرتے ہوئے الیکشن کمیشن سے جواب طلب کیا تھا۔ بعد ازاں 25 اگست کو سپریم کورٹ نے کمیشن کو ہدایت دی کہ وہ ایس آئی آر کے دوران انتخابی فہرست سے نام خارج یا شامل کیے جانے کے خلاف دائر اپیلوں کی تعداد، ان کے نمٹارے اور زیر التوا معاملات کی تفصیلات پیش کرے۔ عدالت نے اس بات پر بھی زور دیا تھا کہ ان اپیلوں کا فیصلہ مقررہ وقت کے اندر کیا جانا ضروری ہے اور الیکشن کمیشن سے پوچھا تھا کہ زیر التوا معاملات کو تیزی سے نمٹانے کے لیے کیا اقدامات کیے جا رہے ہیں اور مزید کتنے ٹریبونلز کی ضرورت ہوسکتی ہے۔ الیکشن کمیشن کے حلف نامے میں مجموعی تعداد تو بتائی گئی ہے ، تاہم یہ تفصیل واضح طور پر فراہم نہیں کی گئی کہ 37.18 لاکھ زیر التوا اپیلوں میں کتنی اپیلیں ان ووٹروں کی ہیں جن کے نام حذف کیے گئے اور کتنی اپیلیں انتخابی فہرست میں نام شامل کیے جانے کے خلاف ہیں۔ یہ تفریق اس لیے اہم ہے کہ نام حذف ہونے والے ووٹر اپنی انتخابی حیثیت بحال کرانے کے لیے اپیل کرتے ہیں ، جبکہ دوسری نوعیت کی






اپیلیں انتخابی فہرست میں نام شامل کیے جانے سے

### صرف 1.02 لاکھ نمٹائی گئیں

متعلق ہوتی ہیں۔ درخواست گزار پرسن جیت بوس کے مطابق ایس آئی آر کے اینمیریشن مرحلے کے دوران 58 لاکھ سے زیادہ ووٹروں کو انتخابی فہرست سے باہر رکھا گیا تھا۔ دعویٰ اور اعتراضات کے مرحلے کے دوران نام شامل کرانے کے لیے فارم 6 اور 6A کے ذریعے تقریباً 9.64 لاکھ درخواستیں موصول ہوئیں، جبکہ نام حذف کرانے کے لیے فارم 7 کے ذریعے 99 ہزار سے زیادہ درخواستیں داخل کی گئیں۔ درخواست گزار کے مطابق حتمی انتخابی فہرست میں تقریباً 1.82 لاکھ نئے ناموں کا اضافہ ظاہر ہوا۔ یہ اعداد درخواست گزار کی جانب سے عدالت میں پیش کیے گئے دعووں سے متعلق ہیں۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے عدالت میں پیش کیے گئے اعداد و شمار کے مطابق 17 دسمبر 2025 کو ڈرافٹ ووٹر لسٹ جاری ہونے سے 7 اگست 2026 تک فارم 6 کے ذریعے 34.13 لاکھ درخواستیں داخل کی گئیں۔ فارم 6 انتخابی فہرست میں نام شامل کرانے کے لیے استعمال ہونے والی قانونی درخواست ہے۔ اس میں پہلی مرتبہ ووٹر بننے والے افراد کے علاوہ وہ لوگ بھی شامل ہوسکتے ہیں جن کے نام ڈرافٹ مرحلے کی نظرثانی کے دوران خارج ہوگئے تھے اور وہ دوبارہ نام شامل کرانے کی درخواست دے رہے تھے۔ سپریم کورٹ کی ہدایت کے بعد مغربی بنگال ، اڑیسہ اور جھارکھنڈ سے تقریباً 700 عدالتی افسران کو دعووں اور اعتراضات سے متعلق معاملات سے نمٹنے کے لیے تعینات کیا گیا تھا۔ اس وقت تقریباً 60 لاکھ دعووں اور اعتراضات سے متعلق بوجھ موجود تھا۔ بعد ازاں سپریم کورٹ کی ہدایت پر کلکتہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس نے 19 اپیلیٹ ٹریبونلز قائم کیے، جن کی سربراہی سابق ہائی کورٹ چیف جسٹسز اور ججوں کو سونپی گئی ، تاکہ SIR سے متعلق اپیلوں کا فیصلہ کیا جاسکے۔ الیکشن کمیشن کے تازہ اعداد و شمار سے واضح ہوتا ہے کہ ایس آئی آر سے متعلق اپیلوں کا ایک بہت بڑا حصہ ابھی فیصلہ طلب ہے۔ 38.20 لاکھ اپیلوں میں سے صرف 1.02 لاکھ کے نمٹارے اور 37.18 لاکھ کے زیر التوا ہونے کی تفصیل اب سپریم کورٹ کے سامنے ہے۔ اب عدالت کے سامنے اہم سوال یہ ہے کہ زیر التوا اپیلوں کو کس رفتار سے نمٹایا جائے گا ، حذف کیے گئے ووٹروں کی اپیلوں کو کس طرح ترجیح دی جائے گی اور انتخابی فہرست سے متعلق اعتراضات کا حتمی طور پر فیصلہ کرنے کے لیے ٹریبونلز کی موجودہ تعداد کافی ہے یا مزید انتظامات کی ضرورت ہوگی۔

# 65 سالہ ملزم کو ضمانت کے باوجود رہائی نہیں

## مقامی ضامن کی شرط میں تبدیلی کے لیے بامبے ہائی کورٹ میں عرضداشت



ممبئی 18/ستمبر۔ دہشت گردی کے الزامات کے تحت گذشتہ پندرہ سالوں سے جیل میں مقید ایک 65 سالہ ضعیف شخص ابتک بامبے ہائی کورٹ سے ضمانت حاصل کرنے کے باجود جیل سے رہا نہیں ہوسکا ہے کیونکہ بامبے ہائی کورٹ نے اسے بطور ضامن کسی مقامی شخص کو عدالت میں پیش کرنے کا حکم دیا تھا۔ ملزم کفیل احمد کی گذشتہ سال بامبے ہائی کورٹ نے طویل قید اور مقدمہ کی سماعت میں ہونے والی تاخیر کی بنیاد پر ضمانت منظور کی تھی۔ بامبے ہائی کورٹ کی دورکنی بینچ کے جسٹس اے ایس گڈکری اور جسٹس آر آر بھونسلے نے کفیل احمد کی ضمانت منظور کرتے ہوئے اسے مقامی ضامندار پیش کرنے کی شرط پر جیل سے رہا کیئے جانے کا حکم جاری کیا تھا۔ بامبے ہائی کورٹ میں کفیل احمد کے مقدمہ کی پیروی ایڈوکیٹ مبین سولکر نے جمعیۃ علماء مہاراشٹر (ارشد مدنی) کے توسط سے کی تھی۔ ملزم کفیل احمد کا تعلق بہار سے ہے اور اس کی ضمانت لینے کے لیئے مہاراشٹر میں کوئی موجود نہیں ہے لہذا آج بامبے ہائی کورٹ میں ضمانت کی شرط میں تبدیلی کی عرضداشت صدر جمعیۃ علماء مہاراشٹر مولانا حلیم اللہ قاسمی کی ہدایت پر ایڈوکیٹ متین شیخ نے داخل کی ہے۔ گذشتہ ہفتہ ملزم کفیل احمد کے لڑکے نے مولانا حلیم اللہ قاسمی سے ملاقات کرکے اس کے ضعیف والد کی جیل سے رہائی کی درخواست کی تھی جس کے بعد بامبے ہائی کورٹ میں پٹیشن داخل کی گئی۔ ملزم کفیل احمد کے خلاف دہلی میں بھی ایک مقدمہ زیر سماعت ہے جہاں اسے ضمانت مل چکی ہے اور دہلی کی عدالت نے کفیل احمد کو کسی بھی صوبے سے تعلق رکھنے والے شخص کو بطور ضمانتدار پیش کرنے کی اجازت دی تھی۔ ایڈوکیٹ متین شیخ کی جانب سے داخل پٹیشن میں تحریر ہے کہ ہائی کورٹ کی جانب سے ایک سال قبل ضمانت منظور ہوجانے کے باوجود ملزم کی ابتک جیل سے رہائی نہیں ہوسکی ہے کیونکہ مقامی ضامن دار کی جو شرط عدالت نے تجویز کی ہے ملزم اسے پورا کرنے میں ناکام ثابت ہوا ہے کیونکہ ملزم کا تعلق صوبہ بہار سے ہے اور مہاراشٹر میں اس کا کوئی جاننے والا نہیں ہے جو اس کی ضمانت لے سکے۔ عرضداشت میں مزید تحریر ہے کہ جس طرح سے دہلی کورٹ نے ملزم کو بیرون ریاست سے تعلق رکھنے والے ضامندار کو پیش کرنے کی اجازت دی ہے بامبے ہائی کورٹ بھی ملزم کو ایسی سہولت دے تاکہ پندرہ سالوں سے جیل میں مقید ملزم کی رہائی عمل میں آسکے۔ ملزم کفیل احمد کی عرضداشت پر اگلے ہفتے کسی دن سماعت متوقع ہے۔ واضح رہے کہ ملزم کفیل احمد پر عروس البلاد ممبئی کے تین مختلف مقامات پر ہوئے بم دھماکہ معاملہ بنام 13/7 ممبئی سلسلہ وار بم دھماکہ میں دیگر ملزمین کے ساتھ ملوث ہونے کا الزام ہے۔ ملزم کفیل احمد سمیت دیگر تمام گیارہ ملزمین کے خلاف تعزیرات ہند کی دفعات

B-120,109,379,324,325,326,307,302,

اور غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے قانون، دھماکہ خیز مادہ کے قانون اور مکوکا قانون کی مختلف دفعات کے تحت مقدمہ چارج فریم کیا تھا۔ اس معاملے کا سامنا کررہے ملزمین نقی احمد وصی احمد، ندیم اختر اشفاق شیخ، ہارون عبدالرشید نائیک، کفیل احمد محمد ایوب انصاری،، اسعد اللہ اختر جاوید اختر عرف ہڈی، سید اسماعیل آفاق علیم لنکا، صدام حسین فیروز خان، زین العابدین عبدالرزاق کو جمعیۃ علماء مہاراشٹر قانونی امداد کمیٹی قانونی امداد فراہم کررہی ہے۔ سیشن عدالت میں ملزمین کے دفاع میں ایڈوکیٹ عبدالوہاب خان، ایڈوکیٹ شریف شیخ، ایڈوکیٹ حسنین قاضی و دیگر پیش ہورہے ہیں۔

# ٹی ایم سی تنازعہ پر تیجسوی یادو کا طنز

## 'اب پارٹیوں کے نام، نشان اور بینک کھاتے بھی لوٹے جا رہے ہیں'

پٹنہ: بہار اسمبلی میں قائد حزب اختلاف تیجسوی یادو نے ترنمول کانگریس (ٹی ایم سی) کے نام اور انتخابی نشان سے متعلق تنازعہ پر بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) اور الیکشن کمیشن کو نشانہ بنایا ہے۔ انہوں نے طنز کرتے ہوئے کہا کہ ارکان اسمبلی اور ارکان پارلیمنٹ کو توڑنے کے بعد اب اپوزیشن جماعتوں کے نام، انتخابی نشان اور بینک کھاتے بھی لوٹے جا رہے ہیں۔ تیجسوی یادو نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں کہا کہ آئین، جمہوری روایات اور جمہوری اقدار کو 'تار تار' کرتے ہوئے پہلے اپوزیشن جماعتوں کے ارکان اسمبلی اور ارکان پارلیمنٹ کو توڑا گیا، پھر وزرائے اعلیٰ سمیت حکومتیں 'چوری' کی گئیں اور اب اپوزیشن جماعتوں کے نام، انتخابی نشان اور بینک کھاتوں کو بھی نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے لکھا، "ان کی جمہوری چوری اور ڈکیتی کی بھوک اتنی بڑھ چکی ہے کہ اب اپوزیشن پارٹیوں کے نام، انتخابی نشان اور بینک کھاتے بھی لوٹے جا رہے ہیں۔"



تیجسوی یادو نے الزام عائد کیا کہ بی جے پی کی رہنمائی اور الیکشن کمیشن کی ہدایت پر شیوسینا، نیشنلسٹ کانگریس پارٹی (این سی پی) اور لوک جن شکتی پارٹی (ایل جے پی) کے بعد اب ٹی ایم سی کے ساتھ بھی وہی کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو ادارے جمہوریت کے رکشک (محافظ) ہونے چاہئیں، وہی اب بھکشک (تباہ کرنے والے) کا کردار ادا کر رہے ہیں۔ تیجسوی کا یہ بیان ٹی ایم سی کے نام اور اس کے روایتی انتخابی نشان 'پھول اور گھاس' کو آئندہ ضمنی انتخابات کے لیے فریز کیے جانے کے پس منظر میں آیا ہے۔ دریں اثنا، لوک سبھا میں قائد حزب اختلاف راہل گاندھی نے بھی ٹی ایم سی کے معاملے پر الیکشن کمیشن کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے ایکس پر کہا کہ پہلے شیوسینا، پھر این سی پی اور اب ترنمول کانگریس، ہر بار ایک ہی طریقہ اختیار کیا جا رہا ہے۔ راہل گاندھی نے کہا کہ بی جے پی اور الیکشن کمیشن مل کر ایک پارٹی کو توڑتے ہیں اور پھر اس کا انتخابی نشان چھین لیا جاتا ہے۔ راہل گاندھی نے کہا کہ جب پوری پارٹی 'چوری' کی جاسکتی ہے تو کروڑوں ہندوستانیوں کے ووٹ 'چوری' ہونا بھی حیرت کی بات نہیں۔ انہوں نے 'ووٹ چوری، حکومت چوری، اب پارٹی چوری' کا حوالہ دیتے ہوئے اسے جمہوری زوال کی علامت قرار دیا۔

### گیسٹ ٹیچر کے اعزازیہ کے لیے 18.42 کروڑ روپے جاری

رائے پور، 18 ستمبر (یواین آئی) چھتیس گڑھ حکومت نے ریاست کے 25 اضلاع میں کام کرنے والے 1,535 گیسٹ ٹیچر کو چھ ماہ کے اعزازیہ کی ادائیگی کے لیے 18.42 کروڑ روپے مختص کیے ہیں۔ جمعہ کو ڈائریکٹوریٹ آف پبلک انسٹرکشن کی طرف سے جاری ایک حکم نامے کے مطابق یہ رقم مالی سال 27-2026 کے لیے منظور کی گئی ہے۔ گیسٹ ٹیچر کا اعزازیہ 20,000 روپے ماہانہ مقرر کیا گیا ہے۔ آرڈر کے مطابق بلرام پور ضلع میں سب سے زیادہ 220 گیسٹ ٹیچر کے لیے 2.64 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ کونڈا گاؤں میں 141 اساتذہ کے لیے 1.69 کروڑ 20 لاکھ روپے، بستر میں 133 اساتذہ کے لیے 1.59 کروڑ 60 ہزار روپے، سورج پور میں 130 اساتذہ کے لیے 1.56 کروڑ روپے، کنکیر میں 126 اساتذہ کے لیے 1.51 کروڑ 20 لاکھ روپے جاری کیے گئے ہیں۔

# اردو صحافت کانکلیو میں زبان و صحافت کے فروغ پر اہم گفتگو

## اردو ہندوستانی تہذیب، شائستگی اور مشترکہ ورثے کی امین قرار



نئی دہلی: بھارت ایکسپریس نیوز نیٹ ورک کے زیر اہتمام بزم صحافت کے تحت اردو صحافت کانکلیو کا انعقاد انڈیا انٹرنیشنل سینٹر، نئی دہلی میں قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان (این سی پی یو ایل) کے اشتراک سے یک روزہ 'اردو صحافت کانکلیو' کا انعقاد کیا گیا۔ اس کانکلیو میں صحافت اور ادب سے وابستہ معزز و موقر شخصیات نے شرکت کی اور اردو زبان و صحافت کے حوالے سے اظہار خیال کیا۔ افتتاحی اجلاس میں بحیثیت مہمان خصوصی، مرکزی وزیر برائے اقلیتی و پارلیمانی امور، حکومت ہند کرن رجیجو نے شرکت کی۔ مہمانان اعزازی میں بی جے پی کے سابق مرکزی وزیر اور قومی ترجمان سید شاہنواز حسین، راجیہ سبھا کے سابق رکن پارلیمنٹ و سینئر صحافی شاہد صدیقی اور قومی کمیشن برائے اقلیتی تعلیمی ادارہ جات کے کارگزار چیئرمین پروفیسر (ڈاکٹر) شاہد اختر شامل رہے۔ کلیدی خطبہ بھارت ایکسپریس نیوز نیٹ ورک کے ڈائریکٹر اینڈ گروپ مینیجنگ ایڈیٹر رادھے شیام رائے نے پیش کیا۔ جبکہ تعارفی کلمات این سی پی یو ایل کے ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد شمس اقبال نے پیش کیا۔ بھارت ایکسپریس اردو کے ایڈیٹر ڈاکٹر خالد رضا خان نے استقبالیہ کلمات پیش کیا جبکہ نظامت کی ذمہ داری بھارت ایکسپریس اردو کے چیف سب ایڈیٹر ڈاکٹر نثار احمد خان نے نبھائی۔

مہمان خصوصی کرن رجیجو نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ہوئے کہا کہ یہ کانکلیو اس اعتبار سے بے حد اہم ہے کہ اس میں اردو زبان اور اس کی خدمات کے تعلق سے گفتگو کی جارہی ہے۔ مجھے ذاتی طور پر اس زبان کی شیرینی کا گہرا احساس ہے۔ اس زبان کا واقف شخص بہت ہی ثروت مند ہوتا ہے۔ یہ زبان شخصیت کو سنوارنے کے ساتھ زندگی گزارنے کے آداب بھی سکھاتی ہے۔ انھوں نے اردو زبان کے تاریخی حقائق اور اس کی قدامت پر بھی روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ یہ خالص ہندوستان کی زبان ہے۔ تقسیم کے بعد گرچہ ہمارے پڑوسی ملک نے اسے اپنی زبان کے طور پر قبول کیا، لیکن وہ لوگ بھی ہندوستان ہی کے تھے۔ اس لیے اردو کی جائے پیدائش اور اس کا خمیر ہندوستانی ہے، اسے کسی مذہب یا فرقے سے قطعی نہیں جوڑا جاسکتا۔ مہمان اعزازی سید شاہنواز حسین نے اردو زبان کی خصوصیات اور لفظوں کی تاثیر پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اردو مشترکہ تہذیبی وراثت کی امین ہے۔ مختلف زبانوں سے آنے والے الفاظ اسے ہر طبقے کے لئے مقبول بناتے ہیں۔ مہمان اعزازی سابق ایم پی اور سینئر صحافی شاہد صدیقی نے اردو زبان کی شناخت کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اردو کی شناخت تہذیب، شائستگی اور محبت سے ہے، یہ عوام کی زبان ہے، یہی وجہ ہے کہ فلموں میں اس کا استعمال کثرت سے کیا گیا ہے۔ انھوں نے مصنوعی ذہانت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ اردو زبان کو وسیع پیمانے پر فروغ دینے کے لیے اے آئی کو بھی کام میں لانے کی ضرورت ہے۔ پروفیسر شاہد اختر نے کہا کہ ہندوستان، زبانوں کا مرکز ہے، جس میں اردو زبان کی منفرد شناخت ہے، وزیر اعظم نے جس وکست بھارت 2047 کا خواب دیکھا ہے اس میں ہندوستانی زبانوں بالخصوص اردو کا بہت ہی اہم کردار ہوگا، اس لیے کہ یہ اتحاد، مشترکہ تہذیب اور محبت کی نمائندگی کرتی ہے۔

# جامع مسجد میں عالمی امن کے لیے خصوصی دعا

## میر واعظ نے کی سماجی اصلاحی اقدام کے لیے عوامی حمایت کی اپیل



سرینگر (پرویز الدین): سرینگر کی تاریخی جامع مسجد میں ایران، فلسطین، لبنان، یمن اور یوکرین کے ساتھ ساتھ دنیا کے دیگر تنازعات سے متاثرہ حصوں میں امن اور مصائب اور معصوم جانوں کے ضیاع کے خاتمے کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ اٹھائے ہوئے ہاتھوں اور نم آنکھوں سے اللہ تعالیٰ سے ان تمام لوگوں کے لیے رحمت، امن، انصاف اور راحت کی دعا کی جو جنگ کے درد اور تباہی کو برداشت کررہے ہیں۔ جمعہ کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے میر واعظ کشمیر مولوی محمد عمر فاروق نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ متحدہ مجلس علمائے جموں و کشمیر کی طرف سے حال ہی میں اپنائے گئے سماجی اصلاحی اقدامات کی حمایت اور فعال طور پر حصہ لیں۔ حالیہ علماء کانفرنس کا حوالہ دیتے ہوئے میر واعظ نے کہا کہ مختلف خطوں اور مکاتب فکر کے علماء نے معاشرے کو درپیش چند اہم ترین چیلنجز پر غور کیا جن میں منشیات کی لت، خودکشی اور نوجوانوں میں جذباتی پریشانی، سوشل میڈیا کا غلط استعمال، خاندانی بندھن کا کمزور ہونا، ماحولیاتی انحطاط اور معاشرے میں ہم آہنگی کو مضبوط کرنے کی ضرورت شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صرف کانفرنسز اور قراردادیں تبدیلی نہیں لاسکتیں جب تک کہ لوگ خود اس کوشش کا حصہ نہ بنیں۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے اقدامات کا مقصد خاندانوں، مساجد، محلوں اور برادریوں میں تشویش اور بحث کو عملی اقدام میں بدلنا ہے۔ میر واعظ نے قرآنی آیت کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ "بے شک اللہ کسی قوم کی حالت اس وقت تک نہیں بدلتا جب تک کہ وہ اپنے اندر کی چیز کو نہ بدلیں"۔

# مولوی باقر تفتیشی صحافت کی داغ بیل ڈالنے والے پہلے صحافی تھے



نئی دہلی، 18 ستمبر (یواین آئی) اردو صحافت کو بابائے صحافت قرار دیتے ہوئے مقررین نے کہا کہ دہلی اردو اخبار کے مدیر مولوی باقر نہ صرف پہلے شہید صحافی تھے بلکہ باضابطہ صحافت کا داغ بیل ڈالنے والے پہلے صحافی تھے۔ یہ بات مقررین نے پریس کلب آف انڈیا میں مولوی محمد باقر کی 169 ویں برسی کی تقریب پر منعقدہ ایک پرگرام میں کہی۔ سابق چیف انفارمیشن کمشنر وجاہت حبیب اللہ نے مولوی باقر کی جنگ آزادی صحافت کے حوالے سے خدمات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ انہوں دہلی اردو اخبار کے ذریعے جنگ آزادی میں روح پھونکنے میں اہم کردار ادا کیا تھا۔ انہوں نے انگریزوں کے مظالم کی پرواہ نہ کرتے ہوئے لوگوں تک انگریزوں کے مظالم کی خبریں پہنچائیں۔ ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ حقِ اطلاعات (آر ٹی آئی) ایکٹ میں ترامیم اور اس کی رسائی محدود کرنے کی کوششوں کے باوجود یہ قانون شفافیت، جواب دہی اور شراکتی جمہوریت کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ آر ٹی آئی نے عام شہریوں کو سرکاری اداروں سے معلومات حاصل کرنے اور انہیں جواب دہ بنانے کا عملی اختیار دیا ہے۔ سابق مرکزی وزیر مانی شنکر ایئر نے مولوی باقر کو مدیر کے ساتھ ساتھ ایک فعال فیلڈ رپورٹر قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہ 1857 کے ہنگامہ خیز دور میں واقعات کی خود عینی شہادت حاصل کرنے کے لیے دہلی کی گلیوں میں جاتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ باقر کی صحافت میں مختلف مذہبی برادریوں کو متحد کرنے والے ہندوستانی قوم پرستی کے تصور کی جھلک بھی ملتی ہے۔ فیڈریشن آف پریس کلبس آف انڈیا کے صدر گوتم لہری نے مولوی باقر کی قربانی کو صحافیوں کے لیے تحریک کا ذریعہ قرار دیا۔ انہوں نے پریس کلب آف انڈیا کی مینجنگ کمیٹی میں اردو صحافیوں کو مزید نمائندگی دینے اور آزادیٔ صحافت کو درپیش خطرات سے نمٹنے کے لیے پریس تنظیموں کی مشترکہ کوششوں پر زور دیا۔ پریس کلب آف انڈیا کی صدر سنگیتا بروآ پشر وتی نے کہا کہ تاریخی دستاویزات صحافیوں کو اپنے عہد کے واقعات، زبان اور ماحول کے ریکارڈ کے طور پر دیکھنے میں مدد دیتی ہیں۔ انہوں نے صحافتی ورثے کی زیادہ سے زیادہ دستاویز بندی اور 1857 کے واقعات سے متعلق تاریخی ذمہ داری اور جواب دہی کے سوالات کا جائزہ لینے کی ضرورت پر زور دیا۔ انڈیا ٹومارو کے چیف ایڈیٹر سید خلیق احمد نے کہا کہ مولوی محمد باقر کو ہندوستانی صحافت کی تاریخ میں ان کا جائز مقام نہیں ملا۔ انہوں نے صحافت کے نصاب میں باقر کی زندگی اور خدمات پر الگ باب شامل کرنے اور ان پر ہونے والی تحقیق کو انگریزی، ہندی اور دیگر ہندوستانی زبانوں میں منتقل کرنے کی اپیل کی۔ تقریب کی نظامت سینئر صحافی اے یو آصف نے کی اور کہا کہ مولوی باقر گراونڈ رپورٹنگ اور تفتیشی صحافت کے بانی تھے۔ انہوں نے گلی گلی محلے محلے جاکر اس وقت رپورٹنگ کی جب اس کا تصور تک نہیں تھا۔ انہوں نے تفتیشی صحافت کی داغ بیل ڈالی اور وعام کو بے باک صحافت سے روبرو کرایا۔ انہوں نے مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ آرکائیز دہلی اردو اخبار کی نقل میڈیا ہاوس اور میڈیا کی تعلیم سے متعلق ادارے میں رکھی جائے تاکہ صحافت کی تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ نہ صرف اس سے روبرو ہوں گے بلکہ اس سے استفادہ بھی کریں گے۔


# راہی معصوم رضا نے اپنی تحریروں کے ذریعے مشترکہ ہندوستانی ورثے کو زندہ کیا: گورنر



گورنر سید عطا حسنین

پٹنہ، 18 ستمبر (یواین آئی) بہار کے گورنر لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سید عطا حسنین نے کہا کہ راہی معصوم رضا نے ہندوستان کی مشترکہ تہذیبی وراثت کو اپنی تحریروں میں زندہ رکھا اور عام لوگوں کی زندگی، رشتوں اور تجربات کو ادب میں مؤثر انداز میں پیش کیا۔ مسٹر حسنین نے جمعرات کو ڈاکٹر رضا کی صد سالہ پیدائش کی تقریبات کے موقع پر بہار میوزیم، پٹنہ میں منعقد پٹنہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ راہی معصوم رضا شاعر، ناول نگار اور فلمی مکالمہ نگار ہونے کے ساتھ ساتھ ہندوستان کو سمجھنے اور سمجھانے والے بہترین ادیب تھے۔ ان کے الفاظ کتابوں سے نکل کر لوگوں کی زندگی اور یادوں کا حصہ بن گئے۔ گورنر نے کہا کہ ڈاکٹر رضا نے ہندوستان کو عام لوگوں کی نظر سے دیکھا اور اسے اپنی تخلیقات میں پیش کیا۔ ان کی تحریروں میں گاؤں، گھر، خاندان، دوستی اور رشتوں کی گہری تصویر نظر آتی ہے۔ آدھا گاؤں میں گنگولی صرف کہانی کا پس منظر نہیں ہے بلکہ خود کہانی کا ایک اہم حصہ بن جاتا ہے۔ انہوں نے تقسیم کے درد کو بھی عام لوگوں کے رشتوں اور زندگی کے ذریعے سامنے رکھا۔ مسٹر حسنین نے کہا کہ راہی معصوم رضا کی زبان عام ہندوستانی زبان تھی، جس میں ہندی، اردو، بھوجپوری اور بول چال کے الفاظ قدرتی طور پر گھلے ملے تھے۔ وہ اپنی شناخت کے مختلف حصوں کو ساتھ لے کر چلتے تھے۔ غالب اور میر کے ساتھ کبیر اور تلسی بھی ان کی مشترکہ وراثت کا حصہ تھے۔

# انل کپور کے ساتھ دیکھیے اور کھیلئے بھارت کا سب سے بڑا گیم شو



ممبئی۔: معروف بالی ووڈ اداکار انیل کپور آج رات اسٹار پلس کے نئے اور شاندار گیم شو "انڈیا کے ٹاپ 1٪ دی انیل کپور شو" کے گرینڈ پریمیئر کے ساتھ ٹیلی ویژن پر دھماکے دار واپسی کے لیے تیار ہیں۔ اس شو میں 100 مقابلہ کنندگان اپنی حاضر دماغی اور عام فہم (کامن سینس) کے بل بوتے پر ٹاپ 1 فیصد میں جگہ بنانے اور 1 کروڑ روپے تک کا نقد انعام جیتنے کے لیے مقابلے میں اتریں گے۔ اس کھیل کا سنسنی صرف اسٹوڈیو کے اسٹیج تک محدود نہیں رہے گا۔ جیو ہاٹ اسٹار (JioHotstar) کے "پلے النگ" (Play Along) فیچر کے ذریعے ناظرین بھی گھر بیٹھے لائیو سوالات کے جوابات دے کر اس کھیل کا حصہ بن سکتے ہیں۔ یہی نہیں، بہترین کارکردگی دکھانے والے ناظرین کے پاس اسمارٹ فونز اور اسمارٹ ٹی وی جیسے قیمتی انعامات جیتنے کا بھی موقع ہوگا۔ میزبانی کے دوران انیل کپور نے ممبئی کے علاقے تلک نگر میں گزرے اپنے پرانے دنوں کی ایک مزے دار یاد شیئر کی۔ انہوں نے مسکراتے ہوئے بتایا: "ہم چیمبور کے تلک نگر میں رہتے تھے، جہاں اکثر شادیاں ہوا کرتی تھیں۔ میں اور میرے دوست بغیر کسی دعوت کے ان شادیوں میں بن بلائے پہنچ جاتے تھے۔ مفت کی چیز آخر کسے پسند نہیں ہوتی؟ چاہے کھانا ہو یا تحفہ، لوگ چلے ہی جاتے ہیں!"

# این ایس یو آئی نے ڈوسو انتخابات میں چاروں سیٹوں پر جیت کا دعویٰ کیا

نئی دہلی، 18 ستمبر (یواین آئی) دہلی یونیورسٹی اسٹوڈنٹس یونین (ڈوسو) انتخابات 27-2026 کے لیے ووٹنگ کے پہلے مرحلے کے مکمل ہونے کے بعد نیشنل اسٹوڈنٹس یونین آف انڈیا (این ایس یو آئی) نے طلباء کے درمیان سماجی انصاف، مساوات اور جمہوری اقدار کی حمایت کا دعویٰ کیا ہے۔ تنظیم نے کہا کہ دہلی یونیورسٹی کے طلباء نے جوش و خروش کے ساتھ ووٹ ڈالے اور این ایس یو آئی تمام چاروں سیٹوں پر جیت درج کرنے کے سلسلے میں پرامید ہے۔ این ایس یو آئی کے قومی صدر ونود جاکھڑ نے کہا کہ یونیورسٹی انتظامیہ، پولیس اور پورے نظام کے دباؤ کے باوجود این ایس یو آئی کارکنان انتخابات کے دوران مضبوطی سے ڈٹے رہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ طلباء نے سماجی انصاف اور مساوات کے لیے اپنی حمایت واضح کردی ہے اور تنظیم کو چاروں سیٹوں پر جیت ملنے کا پورا بھروسہ ہے۔ مسٹر جاکھڑ نے کہا کہ دہلی یونیورسٹی کے طلباء نفرت، تقسیم اور ڈرانے دھمکانے کی سیاست کو مسترد کرکے سب کے لیے شمولیت پر مبنی کیمپس کے حق میں ووٹ دے رہے ہیں۔

# جامعہ رحمانی خانقاہ مونگیر میں شعری نشست کا انعقاد



مونگیر۔ بعد نماز عشاء جناب مولانا محمد ارباز ندوی صاحب کی تلاوت کلام اللہ کے ذریعہ اس تقریب کا آغاز ہوا ، جس کی صدارت جامعہ رحمانی خانقاہ مونگیر کے استاذ حدیث وفقہ و نائب ناظم تعلیمات برائے امور طلبہ جناب مولانا سیف الرحمن سیف ندوی نے کی اور مولانا مفتی نشاط احمد قاسمی ندوی مشرف و استاذ دارالحکمت جامعہ رحمانی مونگیر نے اپنی خوب صورت آواز میں نعتیہ کلام پیش کر کے محفل کو زینت بخشی۔ نعتیہ کلام کے بعد سب سے پہلے مولانا محمد شاہد سنگار پوری (رکن فکر و نظر ٹی وی و استاذ جامعہ رحمانی مونگیر) نے اپنا کلام پیش کیا اور سامعین سے داد و تحسین وصول کی۔ پھر جامعہ رحمانی کے استاذ مولانا محمد مزمل رحمانی صاحب نے سادگی کے ساتھ اپنا کلام پیش کیا جس سے سامعین خوب محظوظ ہوئے۔ اس کے بعد ریسرچ ٹیم امارت شرعیہ کے رکن ڈاکٹر حفظ الرحمٰن حفیظ نے اپنا کلام پیش کیا جو نہایت ہی عمدہ تھا ، پھر جامعہ رحمانی کے استاذ فقہ و فلسفہ و عربی زبان و ادب مفتی زبیر احمد قاسمی ثانی نے اپنا کلام پیش کیا جسے سامعین نے بھرپور پزیرائی سے نوازا، اور چھوٹی بحر میں عمدہ کلام پر سراہا۔ بعد ازاں، جامعہ رحمانی کے استاذ اور امارت شرعیہ کی ریسرچ ٹیم کے ذمہ دار مفتی قیام الدین قاسمی (کاوش سیتامڑھی) نے اپنا کلام پیش کیا، جو بہت ہی معنی خیز اور سنجیدہ تھا۔ اخیر میں اس ادبی و شعری نشست کے صدر نے اپنا کلام پیش کیا جس سے سامعین کافی متاثر ہوئے۔ بزم کے اختتام سے قبل تمام شرکاء کے اتفاق سے ایک شعری و ادبی بزم بنام" بزم کلیم عاجز" کا قیام عمل میں آیا اور یہ طے پایا کہ ہر ماہ اس بزم کے تحت ایک شعری نشست کا انعقاد ہوگا ان شاءاللہ۔ حاضرین میں جامعہ رحمانی کے چند معزز و مؤقر اساتذہ کرام جناب مولانا مفتی شمشیر حیدر قاسمی، مولانا رستم رحمانی، مولانا عبد الاحد رحمانی ازہری، مولانا عبد العلیم رحمانی ازہری، مولانا محمد مشاہد حسین ندوی، مولانا محمد اکرام الدین قاسمی، مولانا محمد راغب رحمانی، مولانا محمد اوصاف اشاعتی اور مولانا نہال رحمانی وغیرہ شریک رہے، اختتام پر نشست کے کنوینر مفتی قیام الدین قاسمی نے تمام شعراء و حاضرین کا تہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

